باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC Certified
Member AKNS
www.dailydhartiajk.com
dailydharti@gmail.com
روزنامہ
چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: عمر خیام
جلد 04 | جمعۃ المبارک 27 جون 2025ء، یکم محرم الحرام 1447، 13 ہاڑ 2081 | صفحات 04/ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 64

پونچھ ڈویژن میں ریجنل کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس، فوجی و سول حکام کی شرکت، اہم فیصلے کیے گئے

اجلاس کی صدارت کمشنر پونچھ ڈویژن مسعود الرحمٰن نے کی، کمانڈر 2 اے کے بریگیڈ، ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس ریجن سردار ظہیر احمد، چاروں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز اور متعلقہ احکام نے شرکت کی، اہم نکات زیر غور آئے

سول وملٹری کوآرڈینیشن کی بدولت نہ صرف ہندوستان کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا گیا بلکہ اندرونی سطح پر دہشتگردی کے منصوبے بھی ناکام بنائے گئے، فورم کا مقصد ڈویژن میں عوامی خدمت کو مؤثر بنانا ہے، کمشنر

راولاکوٹ (پی آئی ڈی/دھرتی نیوز) پونچھ ڈویژن کے صدر مقام راولاکوٹ میں ریجنل کوآرڈینیشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس کمشنر پونچھ ڈویژن مسعود الرحمٰن کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمانڈر 2 اے کے بریگیڈ، ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس ریجن سردار ظہیر احمد، ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز ڈاکٹر فاروق، چیف انجینئر شاہرات امجد علی شاہ، چیف انجینئر برقیات فاروق گوری، کمانڈنٹ کمبائنڈ ملٹری ہسپتال راولاکوٹ، ڈپٹی کمشنر حویلی عمران شاہین، سدھنوتی سید ممتاز کاظمی، باغ راجہ صداقت خان، پونچھ سردار عمر فاروق اور سپرنٹنڈنٹ پولیس عطاء الرحمٰن، راجہ ندیم عارف، راجہ اکمل، محمد ریاض مغل اور اعلیٰ ملٹری حکام نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر پونچھ ڈویژن نے کہا کہ سول و ملٹری کوآرڈینیشن کی بدولت نہ صرف ہندوستان (بقیہ 38 صفحہ 03)

راولاکوٹ: ریجنل کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس سے کمشنر پونچھ مسعود الرحمٰن خطاب کر رہے ہیں

آزاد کشمیر اسمبلی اجلاس، متعدد قراردادیں متفقہ طور پر منظور

بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدہ کی بحالی کو مسترد کرنے پر تنقید

مظفرآباد (پی آئی ڈی) سپیکر اسمبلی چوہدری لطیف اکبر کی زیر صدارت آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے اجلاس میں سابق وزیر اعظم و ممبر اسمبلی راجہ محمد فاروق حیدر خان، وزیر اطلاعات پیر محمد مظہر سعید شاہ اور وزیر بحالیات جاوید اقبال بڈھانوی جانب سے قراردادیں ایوان میں پیش کی گئی جو متفقہ طور پر منظور کر لی گئیں۔ وزیر اطلاعات آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر پیر محمد مظہر سعید شاہ کی جانب سے پیش کردہ قرارداد میں کہا گیا ہے کہ آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کا یہ اجلاس بھارتی (بقیہ 39 صفحہ 03)

13 ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن ججز کے تبادلے و تعیناتیاں، نوٹیفکیشن جاری

یوسف ہارون، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن جج / جج فیملی کورٹ راولاکوٹ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن جج راولاکوٹ تعینات

غضنفر خان، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن جج مظفرآباد اب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن جج / جج فیملی کورٹ راولاکوٹ تعینات ہوگئے

مظفرآباد (دھرتی نیوز) چیف جسٹس عدالت عالیہ آزاد جموں وکشمیر نے بمطابق محکمہ عدل و انصاف بذیل ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن ججز کے تبادلہ جات/ تعیناتیوں کی منظوری صادر فرمائی ہے۔ جاری شدہ نوٹیفکیشن کے مطابق محمد یوسف ہارون، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ سیشن جج / جج فیملی کورٹ راولاکوٹ کو تبدیل کر کے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن جج راولاکوٹ، محمد غضنفر خان، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن جج مظفرآباد کو تبدیل کر کے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ (بقیہ 36 صفحہ 03)

آزاد کشمیر میں فنانس ایکٹ کی منظوری، ”آن لائن“ شاپنگ پر ٹیکس کا نفاذ

گاڑیوں کی لائف ٹائم رجسٹریشن فیس میں بھی اضافہ، اب 1500 کے بجائے 10000 روپے کی منظوری

ایوان کی جانب سے مجلس منتخبہ کی رپورٹ پر منظوری، عوامی حلقوں کی جانب سے اس اقدام پر سخت تشویش کا اظہار

مظفرآباد (صباح نیوز) اسمبلی اجلاس میں وزیر خزانہ عبدالماجد خان نے فنانس ایکٹ منظوری کے لیے ایوان میں تحریک پیش کر دی ہے جس میں پاکستان کی طرح آزاد کشمیر میں بھی آن لائن شاپنگ پر 2 فیصد ٹیکس عائد کردیا ہے جبکہ موٹر سائیکل 2000، رکشہ 3000 لائف ٹائم رجسٹریشن فیس کردی ہے پرائیویٹ گاڑیوں کی لائف ٹائم 1500 سے 10000 رجسٹریشن فیس لائف ٹائم کر دی ہے جبکہ ایوان نے مجلس منتخبہ کی رپورٹ کے مطابق (بقیہ 40 صفحہ 03)

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت ملک بھر میں محرم الحرام سکیورٹی پلان پر اہم اجلاس

نظام اسی وقت درست ہوگا جب اس کا مفاد عوام کو ملے گا، انوار الحق

سوشل میڈیا کا دور ہے، منفی اور مثبت رجحانات پر پوری فکری نشست ہونی چاہیے

مظفرآباد (صباح نیوز) وزیر اعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں نظام اسی وقت درست ہوگا جب اس کا مفاد عوام کو ملے گا۔ ایک تقریب سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ آج سوشل میڈیا کا دور ہے اس کے منفی اور مثبت رجحانات پر پوری فکری نشست ہونی چاہیے لیکن (بقیہ 37 صفحہ 03)

مذہبی منافرت پھیلانے پر کاروائی کا فیصلہ

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت محرم الحرام سکیورٹی پلان پر اہم اجلاس، اجلاس میں تمام صوبوں بشمول آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور اسلام آباد میں محرم الحرام کے سکیورٹی پلان کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

انٹرنیٹ یا موبائل فون سروس کے حوالے سے فیصلہ زمینی حقائق اور سکیورٹی صورتحال کو مدنظر رکھ کر کیا جائے، الیکٹرانک و سوشل میڈیا پر نفرت انگیز مواد کی روک تھام کے لیے پیمرا کو ہدایات دے دی ہیں، وزیر داخلہ

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت ملک بھر میں محرم الحرام سکیورٹی پلان پر اہم اجلاس وزارت داخلہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں تمام صوبوں بشمول آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور اسلام آباد میں محرم الحرام کے سکیورٹی پلان کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں محرم الحرام کے دوران سوشل میڈیا پر مذہبی منافرت پھیلانے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ کیا گیا جس کے تحت ایسے عناصر کو قانون کی گرفت میں لا کر سخت کارروائی کی جائے گی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ الیکٹرانک و سوشل میڈیا پر نفرت انگیز مواد کی روک تھام کے لیے پیمرا کو واضح سفارشات ارسال کی جائیں گی اور محرم الحرام کے دوران امن و امان یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری انتظامی اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ انٹرنیٹ یا موبائل فون سروس کی بندش کا فیصلہ سکیورٹی خدشات کے تناظر میں متعلقہ صوبوں کی مشاورت سے کیا جائے گا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ انٹرنیٹ یا موبائل فون سروس کے حوالے سے فیصلہ زمینی حقائق اور سکیورٹی صورتحال کو مدنظر رکھ کر کیا جائے۔ (بقیہ 41 صفحہ 03)

آزاد کشمیر سمیت مختلف صوبوں میں تیز بارش، گرمی کی شدت میں کمی آ گئی

پیر اور منگل کی درمیانی رات آزاد کشمیر کئی شہروں میں بارش، ندی نالوں میں طغیانی، اسلام میں بھی گرمی کا زور ٹوٹ گیا

راولپنڈی میں شدید بارش ہوئی، نشیبی علاقے زیر آب آگئے، سڑکوں پر پانی جمع ہوگیا، پروازوں میں تاخیر، موسم خوشگوار ہوگیا

اسلام آباد، لاہور، مظفرآباد (صباح نیوز) آزاد کشمیر کے مختلف شہروں سمیت وفاقی دارالحکومت اسلام آباد، پنجاب، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بارش سے موسم خوشگوار ہوگیا جبکہ کئی مقامات پر موسمی خرابی کے باعث بجلی کی فراہمی متاثر اور پروازوں میں تاخیر دیکھنے میں آئی۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور راولپنڈی میں شدید بارش ہوئی، نشیبی علاقے زیر آب آگئے، سڑکوں پر پانی جمع ہوگیا۔ لاہور، سرگودھا، بھلوال، گوجرانوالہ، گجرات، سیالکوٹ، میانوالی، سانگلہ ہل، جھرہ شاہ مقیم، خوشاب، جوہرآباد سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں کہیں ہلکی بارش تو کہیں موسلادھار بارش ہوئی۔ (بقیہ 59 صفحہ 03)

پولیس تنخواہیں صوبوں کے برابر کی جائیں، فاروق حیدر

پولیس فورس میں مایوسی ہے پولیس کو افراتفری مایوسی سے بچایا جائے

مظفرآباد (صباح نیوز) سابق وزیر اعظم راجہ فاروق حیدر نے اسمبلی اجلاس میں توجہ دلاؤ نوٹس پر مطالبہ کیا ہے کہ پولیس کی تنخواہوں الاؤنسز ٹی اے ڈی اے دیگر صوبوں کے برابر کیں جائیں اگے الاؤنسز میں فرق سے پولیس فورس میں مایوسی ہے پولیس کو افراتفری مایوسی سے (بقیہ 44 صفحہ 03)

ایس سی او، بھارتی وزیر دفاع مشترکہ اعلامیہ دیکھ کر تلملا اٹھے

بیجنگ (صباح نیوز) بھارتی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے ایس سی او کانفرنس کے مشترکہ اعلامیے میں پہلگام واقعے کا ذکر نہ ہونے پر تلملا گئے۔ چین کے دارالحکومت بیجنگ میں (بقیہ 43 صفحہ 03)

غزہ، امریکی امدادی مراکز کے قریب 549 فلسطینی شہید

امداد کے حصول کے منتظر فلسطینیوں پر حملوں میں 4 ہزار سے زائد افراد زخمی

غزہ (صباح نیوز) غزہ میں امریکی اور اسرائیلی امدادی مراکز کے قریب امداد حاصل کرنے کی کوشش میں 4 ہفتوں میں کم از کم 549 فلسطینی شہید ہو چکے ہیں۔ قطری نشریاتی ادارے الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق، غزہ کی حکومت کے میڈیا دفتر نے بتایا ہے کہ امریکی اور اسرائیل (بقیہ 42 صفحہ 03)

گلیشیائی جھیلوں کے پھٹنے سے سیلاب کا خطرہ ہے، این ڈی ایم اے

کئی ہفتوں کے دوران مسلسل گرمی کی وجہ سے شمالی علاقوں میں صورتحال خراب

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان میں قدرتی آفات سے نمٹنے کے ادارے این ڈی ایم اے نے ایک الرٹ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان (بقیہ 60 صفحہ 03)

وزیر اعظم شہباز شریف کی قومی اسمبلی کے اجلاس میں شرکت

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے جمعرات کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کی اور ایوان میں مصروف دن گزارا، انہوں نے وزراء و ارکان قومی اسمبلی سے ملاقاتیں کیں۔ اجلاس میں آمد پر ارکان نے ڈیسک بجا کر ان کا خیر مقدم کیا۔ وزیر اعظم نے ایوان میں بلاول (بقیہ 61 صفحہ 03)

تمام مطالبات مان لیے گئے، بجٹ کو سپورٹ کیا، بلاول بھٹو

ہم حکومت، وزیر اعظم اور وزیر خزانہ کے بھی مشکور ہیں، قومی اسمبلی میں اظہار

اسلام آباد (صباح نیوز) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ہمارے تمام مطالبات مان لیے گئے، خوشی ہے کہ ہم اس بجٹ کو سپورٹ کر رہے ہیں (بقیہ 58 صفحہ 03)

یونیورسٹی آف پونچھ راولاکوٹ کو چار نئے پروگرامز کے لیے این او سی جاری

نئے ڈگری پروگرامز، ایم ایس ڈیٹا سائنس، سافٹ ویئر انجینئرنگ، ایم فل ایجوکیشن، اور پی ایچ ڈی فارماسیوٹیکل کیمسٹری شامل

یہ پروگرام یونیورسٹی کی اکیڈمک پروفائل میں مزید بہتری لائیں گے، ہنرمند افراد کی بڑھتی ہوئی مانگ کو پورا کریں گے، وائس چانسلر

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) نے یونیورسٹی آف پونچھ راولاکوٹ میں چار نئے ڈگری پروگرامز، ایم ایس ڈیٹا سائنس، ایم ایس سافٹ ویئر انجینئرنگ، ایم فل ایجوکیشن، اور پی ایچ ڈی فارماسیوٹیکل کیمسٹری کے لیے نو آبجیکشن سرٹیفکیٹس (این او سی) جاری کر دیے۔ وائس چانسلر جامعہ پونچھ پروفیسر ڈاکٹر زکریا ذاکر نے ڈائریکٹر QEC پروفیسر ڈاکٹر شاہد اقبال اعوان، ڈپٹی ڈائریکٹر QEC فیصل ریاض اور QEC کی پوری ٹیم کو پروگرامز کی منظوری پر مبارکباد دی اور اس حوالے سے انتھک کوششوں کو سراہا۔ اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر شاہد اقبال اعوان نے کہا کہ یہ پروگرام یونیورسٹی (بقیہ 45 صفحہ 03)

مظفرآباد، بی آئی ایس پی علاقائی رابطہ کمیٹی کا اجلاس

محروم طبقات کی تعلیم و فلاح کے لیے مزید اقدامات اٹھانے کا عزم

مظفرآباد (صباح نیوز) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام آزاد جموں وکشمیر کے زیر اہتمام 26 ویں اور 27 ویں علاقائی رابطہ کمیٹی آر سی سی کے اجلاس مظفرآباد میں منعقد ہوئے، اجلاس (بقیہ 62 صفحہ 03)

پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی کیلئے سرچ کمیٹی کی منظوری

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر اعظم شہباز شریف نے پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی کے چیئرمین اور ممبران کی تقرریوں کے لیے باقاعدہ طور پر سرچ کمیٹی کی منظوری دے دی، کمیٹی ہر عہدے کے لیے تین امیدواروں کے نام وزیر اعظم کو تجویز کرے گی۔ وزارت آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف (بقیہ 64 صفحہ 03)

ایران پاکستان گیس پائپ لائن منصوبہ مکمل کیا جائے، حافظ نعیم الرحمٰن

عوام کو بے وقوف بنایا جا رہا ہے، امیر جماعت اسلامی پاکستان کی پریس کانفرنس

لاہور (صباح نیوز) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے حکومت سے (بقیہ 57 صفحہ 03)

SABAH
PRESS CONFERENCE
MEDIA TALK

190 ملین پاؤنڈ کیس، نیب کی سماعت ملتوی کرنے کی استدعا منظور

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ میں 190 ملین پاؤنڈ کیس میں نیب کی سماعت ملتوی کرنے کی استدعا منظور کرلی۔ جمعرات کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں 190 ملین (بقیہ 47 صفحہ 03)

پاکستان نے بھرپور انداز میں ایران کی حمایت کی، شہباز شریف

ایران نے صدر آصف زرداری، میرا اور فیلڈ مارشل کا نام لے کر شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ اسرائیل سے جنگ میں پاکستان نے بھرپور اور مستقل انداز میں ایران کی حمایت کی، ایران نے اپنے دفاع میں اسرائیل کو بھرپور جواب دیا، ایرانی قوم نے بڑی جرات اور بہادری کا مظاہرہ کیا۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس سے (بقیہ 46 صفحہ 03)

اے جے کے ٹیوٹا کے زیر انتظام نئے کورسز کے لیے انٹرویو

انٹرویو صرف مہاجرین مقیم پاکستان 1947-1989 کے لیے مختص

مظفرآباد (پی آئی ڈی) آزاد جموں وکشمیر ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (AJKTEVTA) کے زیر انتظام ٹریننگ پروگرام کے تحت ”مہمان نوازی“، ”ریسٹورنٹ مینجمنٹ“، ”ایونٹ مینجمنٹ“، ”بیوٹی مشینری“، بلڈوزر اور گریڈر آپریٹر (بقیہ 63 صفحہ 03)

گائیڈنس ہاؤس سکول اینڈ کالج سسٹم 1997 سے معیاری تعلیم کے حصول کے لیے کوشاں ہے

راولاکوٹ میں یہ ادارہ قائم ہوئے ساتواں سال ہے، مظفرآباد میں رواں سال پہلی برانچ کھولی گئی ہے، فیسوں میں اضافہ تعلیمی سال کے آغاز میں قواعد کے تحت ہوتا ہے

7/8 والدین کے گروپ نے سکول کی 3 سے 6 ماہ کی فیسیں ابھی تک ادا نہیں کیں، وہی ادارہ ہذا کے خلاف غلط بیانی کی اور منفی پراپیگنڈہ پھیلا رہے ہیں، ترجمان ادارہ

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) نجی تعلیمی ادارہ ”گائیڈنس ہاؤس سکول اینڈ کالج سسٹم میرپور“ آزاد کشمیر میں 1997 میں قائم ہوا جو اب تک چل رہا ہے، یہ آزاد کشمیر کا پہلا State Based ادارہ ہے جو IGCSE & O'A Level کے لیے اور Professional Development کے لیے کیمبرج یونیورسٹی سے الحاق شدہ ہے۔ راولاکوٹ میں اس ادارے کو قائم ہوئے یہ ساتواں سال ہے جبکہ مظفرآباد میں رواں سال ادارے کی پہلی برانچ کھولی گئی ہے۔ اس طرح گائیڈنس ہاؤس تینوں ڈویژنز میرپور، پونچھ اور مظفرآباد ڈویژن میں کام کر رہا ہے۔ ادارہ نے 2014 سے 2025 تک 8 بار IGCSE میں مختلف مضامین میں پاکستان ٹاپ کیا ہے بہت (بقیہ 56 صفحہ 03)

اسلامی جمعیت طلباء آزاد کشمیر نے طلبہ کے مسائل حل نہ ہونے پر تحریک چلانے کا اعلان کر دیا

طلبہ یونین کی بحالی، پونچھ اور مظفرآباد میں نئے تعلیمی بورڈز کا قیام، میڈیکل کالج پونچھ کیلئے بلڈنگ کی فراہمی، جامعات کے طلبہ لئے ہاسٹلز کی سہولیات فراہم کی جائے

جامعات کی فیسوں میں اضافہ، سہولیات کی کمی، لائبریری، لیبارٹری کے مواقع کا فقدان اور طلباء کے رہائشی مسائل سرفہرست ہیں، ناظم اسلامی جمعیت طلباء آزاد کشمیر

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) اسلامی جمعیت طلباء آزاد کشمیر نے طلبہ یونین کی بحالی، پونچھ اور مظفرآباد میں نئے تعلیمی بورڈز کے قیام، میڈیکل کالج پونچھ کیلئے بلڈنگ کی فراہمی، جامعات کے طلبہ کے لئے ہاسٹلز کی سہولیات فراہم کرنے سمیت طلبہ کے جملہ مطالبات حل کرنے کا مطالبہ کر دیا ہے اور ان مطالبات کے پورا نہ ہونے پر تمام قانونی (بقیہ 48 صفحہ 03)

راولاکوٹ، ”ویمن ورکنگ ہاسٹل“ کو بند کرنے کا فیصلہ

فنڈز کی عدم دستیابی کے باعث 30 جون کو ہاسٹل خالی کرنے کا نوٹس

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) راولاکوٹ میں ویمن ڈویلپمنٹ کے زیر اہتمام چلنے والا ”ویمن ورکنگ ہاسٹل“ فنڈز کی عدم دستیابی اور نارمل میزانیہ نہ ہونے کے باعث 30 جون سے بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر ویمن ڈیپارٹمنٹ پونچھ کی جانب سے ہاسٹل کے (بقیہ 49 صفحہ 03)

شنگھائی تعاون تنظیم، راج ناتھ کی موجودگی میں کشمیر کا معاملہ اٹھا دیا

بھارت انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں کر رہا ہے، وزیر دفاع خواجہ آصف

بیجنگ (صباح نیوز) چین کے شہر شان ڈونگ میں ہونے والے شنگھائی تعاون تنظیم کے وزرائے دفاع اجلاس میں پاکستان کے وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے بھارت کی موجودگی میں مؤثر اور دوٹوک انداز میں پاکستان کا موقف پیش کیا، خواجہ آصف نے خطاب میں مسئلہ کشمیر کو عالمی تنازع (بقیہ 50 صفحہ 03)

5 جولائی یوم سیاہ کے حوالہ سے پیپلز گرینڈ جرگہ آج ہوگا

4 نکاتی ایجنڈہ پر تفصیلی مشاورت، لائحہ عمل مرتب کیا جائیگا، رابطہ کمیٹی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی، پی وائی او، پی ایس ایف کا مشترکہ اجلاس (آج) 27 جون بروز جمعہ دن دو بجے سرکٹ ہاؤس راولاکوٹ میں منعقد ہوگا۔ اجلاس میں 5 جولائی یوم سیاہ کے موقع پر پیپلز گرینڈ جرگہ کے حوالے سے اور دیگر سیاسی تنظیمی امور کا جائزہ لیا جائے گا (بقیہ 55 صفحہ 03)

پولیس کی تنخواہوں، الاؤنسز میں تفاوت دور کرنیکی یقین دہانی

موجودہ حکومت نے 6 نئے تھانے بنائے ہیں، موسٹ سینئر وزیر وقار نور

مظفرآباد (پی آئی ڈی) موسٹ سینئر وزیر، وزیر داخلہ کرنل ریٹائرڈ وقار احمد نور نے کہا ہے کہ پولیس کی تنخواہوں اور الاؤنسز میں موجود تفاوت کو دور کریں گے، موجودہ حکومت نے محکمہ داخلہ کو بھرپور وسائل فراہم کیے ہیں، پولیس کیلئے نئی گاڑیاں خریدی گئی ہیں، اگلی استعداد میں اضافہ کیا گیا (بقیہ 65 صفحہ 03)

جنیوا، تشدد کے خلاف عالمی دن کشمیریوں کا احتجاجی کیمپ، بھارت کی مذمت

کیمپ میں، غلام محمد صفی، الطاف حسین وانی، شمیم شال، سردار امجد یوسف، ڈاکٹر سائرہ شاہ، نائلہ الطاف کیانی اور مہر النساء شریک

انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں میں بڑے پیمانے پر قتل، جبری گمشدگی، تشدد، عصمت دری اور جنسی استحصال شامل ہیں، مقررین

جنیوا (دھرتی نیوز، صباح نیوز) کشمیری وفد نے ”تشدد کے متاثرین کی حمایت“ کے عالمی دن کے موقع پر جنیوا میں اقوام متحدہ کے باہر بروکن چیئر پر احتجاجی کیمپ کا انعقاد کیا تاکہ دنیا کو مقبوضہ جموں وکشمیر میں کشمیریوں پر بھارت کے منظم تشدد سے آگاہ کیا جاسکے۔ احتجاجی کیمپ کے شرکاء نے ہاتھوں (بقیہ 52 صفحہ 03)

جنیوا: نائلہ الطاف کیانی اور دیگر تشدد کے خلاف عالمی دن کے موقع پر پلے کارڈ اٹھائے بھارت کے منظم تشدد کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں

مظفرآباد، تشدد کے خلاف عالمی دن، خصوصی سیمینار کا اہتمام

ریاستی تشدد کا شکار بنانے والے مظلوم کشمیریوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار

مظفرآباد (صباح نیوز) تشدد کے خلاف عالمی دن کے موقع پر مظفرآباد میں (بقیہ 51 صفحہ 03)

پاکستان اگلے ماہ سلامتی کونسل کی صدارت سنبھالے گا

پاکستان کے مستقل مندوب کی انتونیو گوتریس سے اہم ملاقات

نیویارک (کے پی آئی) پاکستان اگلے ماہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی (بقیہ 54 صفحہ 03)

صدر آزاد کشمیر سے چوہدری ریاض کی تفصیلی اور اہم ملاقات

آزاد کشمیر کی تازہ ترین سیاسی صورتحال پر تفصیلی گفتگو کی، صدارتی ترجمان

اسلام آباد (دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود (بقیہ 53 صفحہ 03)

ناٹنگھم، سابق وزیر حکومت عابد حسین عابد کے اعزاز میں تقریب کا اہتمام

عشائیہ کا اہتمام ڈپٹی جنرل سیکرٹری پاکستان پیپلز پارٹی یو کے راجہ جاوید اقبال نے کیا، مختلف سیاسی رہنماؤں کی شرکت

دیار غیر میں مقیم اوورسیز کشمیری ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں جو زر مبادلہ بھیج کر ملکی معیشت کو مضبوط کرتے ہیں، عابد حسین عابد کا خطاب

ناٹنگھم (دھرتی نیوز) سابق وزیر اطلاعات پیپلز پارٹی آزاد جموں وکشمیر سردار عابد حسین عابد امیدوار قانون ساز اسمبلی، مرکزی رہنما پاکستان پیپلز پارٹی جو ان دنوں برطانیہ کے دورہ پر ہیں کے اعزاز میں ڈپٹی جنرل سیکرٹری پاکستان پیپلز پارٹی یو کے راجہ جاوید اقبال کی جانب (بقیہ 66 صفحہ 03)

Editorial

ادارتی صفحہ

روزنامہ
کشمیر دھرتی
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ★ ایڈیٹر: عمر خیام

بھارتی خفیہ ایجنسی ”راء“ کے ایجنٹس

آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں بھارتی خفیہ ایجنسی ”را“ کے نٹ ورک کو توڑنے اور مشتبہ افراد کو گرفتار کرنے کے لیے مشترکہ آپریشن کرنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ گزشتہ سال ضلع پونچھ (راولاکوٹ) کی ایک مسجد میں دوران نماز مسجد کے امام کو قتل کیا گیا تھا۔ بعدازاں ملزم کو کراچی ائیر پورٹ سے گرفتار کیا گیا جس نے انکشاف کیا تھا کہ اسے بھارتی خفیہ ایجنسی ”را“ نے یہ ٹارگٹ دیا تھا۔ خفیہ ایجنسیاں ایک عرصے سے اس نٹ ورک کو توڑنے کے لیے کوشاں ہیں۔ گزشتہ دو دنوں میں انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ پنجاب، سندھ پولیس اور حساس اداروں کی پنجاب اور کراچی میں مشترکہ کارروائیوں کے دوران بھارتی خفیہ ایجنسی ’را‘ کے 10 ایجنٹس کو گرفتار کرلیا گیا ہے، ملزمان بھارتی خفیہ ایجنسی کو حساس مقامات کی معلومات، فنڈنگ، سہولت کاری اور تخریب کاری میں معاونت فراہم کرتے تھے۔ انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ پنجاب نے صوبے کے مختلف اضلاع میں کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے بھارتی خفیہ ایجنسی ’را‘ کے 6 سہولت کار کو گرفتار کرلیا ہے۔ سی ٹی ڈی نے صوبے میں موجود بھارتی حمایت یافتہ دہشت گرد نیٹ ورک کو بے نقاب کرتے ہوئے دبئی سے فنڈنگ کرنے والا ’را‘ کا سہولت کار رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق بھارتی بارڈر سکیورٹی فورس (بی ایس ایف) سے بم حاصل کرنے والے دہشت گرد بھی ان کامیاب کارروائیوں کے دوران پکڑا گیا جب کہ بہاولپور میں مسجد اور ریلوے اسٹیشن پر حملے کی سازش کو ناکام بناتے ہوئے منصوبہ ساز قانون کے شکنجے میں آگئے۔ ادھر کراچی میں بھی سندھ پولیس کے خصوصی تحقیقاتی یونٹ اور حساس ادارے نے ملیر کے علاقے قائد آباد میں مشترکہ کارروائی کر کے بھارتی خفیہ ایجنسی ’را‘ کو حساس معلومات فراہم کرنے والے 4 ایجنٹس کو گرفتار کرلیا ہے۔ ایس ایس پی ایس آئی یو شعیب میمن نے کراچی میں پریس کانفرنس کے دوران بتایا کہ گرفتار ملزمان بھارتی بارڈر سکیورٹی فورسز (بی ایس ایف) کے کرنل رنجیت سے مسلسل رابطے میں تھے، گرفتار ملزمان سے ایس ایم جی رائفل، ایک ایم پی فائیو، 2 پستول اور چھینی گئی گاڑی برآمد ہوئی ہے۔ شعیب میمن کے مطابق ملزمان حساس تنصیبات اور نقل وحرکت کی اطلاع دشمن کو فراہم کررہے تھے، گرفتار ملزمان نے دوران تفتیش کئی اہداف کی نشاندہی کی ہے۔

پریس کانفرنس میں مزید بتایا گیا کہ ملزمان بن قاسم میں فوجی اور سی پیک تنصیبات کی جیوٹیگ لوکیشن، سجاول میں نیوی اور پاک آرمی کے حساس مقامات کی لوکیشن، فوجی دستوں کی نقل وحرکت کے حوالے سے تمام معلومات بھارتی افسر کو فراہم کررہے تھے۔ ایک سوال کے جواب میں شعیب میمن نے بتایا کہ گرفتار مرکزی ملزم محمد خان عرف بلو سال 2009 سے بھارتی خفیہ ایجنسی کے لیے جاسوسی کررہا تھا، ملزم محمد خان حساس مقامات کی تصاویر اپنے موبائل فون سے بناتا تھا، موقع ملتے ہی ملزم بارڈر کراس کر بھارت چلا جاتا تھا جہاں بھارتی فوج کے افسران اس کے موبائل فون میں محفوظ ڈیٹا کو اپنے پاس منتقل کر لیتے تھے۔ ایس ایس پی کے مطابق چاروں ملزمان کا تعلق سجاول سے ہے، وہ پیشے کے اعتبار سے مچھیرے ہیں، گرفتار ملزمان بھارتی خفیہ ایجنسی ’را‘ سے تربیت لینے کے لیے متعدد بار بھارت بھی جا چکے ہیں۔ ذمہ دار ذرائع کے مطابق آزاد کشمیر میں بھی ایسے افراد کی فہرستیں تیار کی گئی ہیں جن پر الزام لگایا جا رہا ہے کہ وہ بھارتی خفیہ ایجنسی کے بیرون ملک مقیم نیٹ ورک کے رابطے میں ہیں۔ گزشتہ دنوں راولاکوٹ کے نواحی گاؤں حسین کوٹ میں بھی ایک کارروائی انجام دی گئی تھی جس میں چار افراد مارے گئے تھے جن کے بارے میں حکومت، پولیس اور اداروں کی جانب سے بتایا گیا تھا کہ وہ بھی افغانستان میں موجود نیٹ ورک سے منسلک تھے اور یہ نیٹ ورک ملک دشمن سرگرمیوں میں ملوث ہے، اس وقت ضرورت اس امر کی ہے کہ نہ صرف دہشت گردوں کے سہولت کاروں بلکہ ان کے نیٹ ورکس کے خلاف بھی کارروائیاں کی جائیں تاکہ ان عناصر کی مکمل طور پر بیخ کنی ممکن بناتے ہوئے ملک میں امن وامان کی صورت حال کنٹرول میں رکھی جا سکے اور اسی کے ساتھ ساتھ عوامی سطح پر بھی ان عناصر کو بے نقاب کیا جائے تاکہ لوگوں میں بھی شعور بیداری ہو، سوشل میڈیا سمیت دیگر پلیٹ فارمز پر ان عناصر کے حمایتوں اور لوگوں کی ذہن سازی کرنے والوں کے خلاف بھی کارروائی ناگزیر ہے تاکہ یہ ملک اور آزاد خطہ دہشت گردی کی بھینٹ چڑھنے سے بچایا جا سکے۔

تذکرہ ایک منفرد تقریب حلف برداری کا

پروفیسر محمد ایاز کیانی

جون کا مہینہ کئی حوالوں سے منفرد اور اہم ہے۔ مارچ/اپریل سے سورج کا پارہ چڑھنا شروع ہوتا ہے، جو جون میں نصف النہار پر پہنچ جاتا ہے۔ یہ بجٹ کا مہینہ بھی ہے، جو ملک عزیز کے لیے عمومی طور پر خیر کی بجائے نئے ٹیکسوں کی صورت ”مزید“ مہنگائی کی نوید لاتا ہے۔ بجٹ جب سے آئی۔ایم۔ایف کے ماہرین کے زیر نگرانی تشکیل پانے لگا ہے۔ یہ زیادہ تر الفاظ کی شعبدہ بازی اور گورکھ دھندا ہی بن کر رہ گیا ہے اور اس کے اثرات عام آدمی کے لیے سلو پوائزن کی صورت آہستہ آہستہ نمودار ہوتے ہیں۔

اسی ماہ اسرائیل اور برادر پڑوسی ملک ایران کی جنگ کے باعث بجٹ کی شدت وحدت مزید بڑھ چکی۔ خدشات، تفکرات اور اندیشہ ہائے دور ازکار عام آدمی کے چہرے کی شادابی کو پژمردہ کرنے کا باعث ہیں۔ اقوام متحدہ کے جنرل سیکرٹری کی تشویش عالمی تھانیداروں کے لیے کوئی معنی نہیں رکھتی اور وہ اپنی دھن میں فیصلے کیے جا رہے ہیں۔ البتہ 24 جون اعصاب شکن کیفیت میں کسی حد تک کمی کا باعث ضرور بنا کہ ”سرخ ٹوپی“ والے امپائر نے فریقین کو سیز فائر کا حکم سنا دیا اور تھوڑی سی خفگی اور سرزنش بھی کی کہ اگر اچھے بچے نہیں ہو گے تو سزا پاؤ گے۔ آبنائے ہرمز کے بند ہونے کی دھمکی سے پیٹرول کی قیمتیں یکدم 8 سے 10 روپے بڑھا دی گئیں۔

*صاحبو*24۔جون 2024ء کو آزاد کشمیر کالج لیکچرز ایسوسی ایشن کے نو منتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری کا اہتمام گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج کے آڈیٹوریم میں ہونا قرار پائی۔ گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج راولاکوٹ سے کالج کی بس نے صبح سات بجے جناب پرنسپل ڈاکٹر یاسر عرفات کی قیادت میں مظفرآباد کی اور آغاز سفر کیا۔ سورج کے تیور آج کچھ ٹھیک نہیں لگ رہے تھے۔ دھیرکوٹ کے شمال میں واقع نواحی گاؤں بجھاپائی کے پرفضا مقام پر گاڑی تھوڑی دیر کے لیے رکوائی گئی۔ جہاں لذت کام ودہن کے بعد ایک دفعہ پھر سوئے منزل رواں ہوئے۔ تقریباً پونے گیارہ بجے ہماری گاڑی پوسٹ گریجویٹ کالج مظفرآباد کے صدر دروازے سے داخل ہوئی۔ اگرچہ تقریب کا آغاز 10 بجے ہونا تھا، مگر حسب روایت تقریب تاخیر کا شکار تھی۔ مہمانوں کی آمد جاری تھی مظفرآباد کالج کا آڈیٹوریم اپنی وسعت، کشادگی اور آرام دہ نشستوں کے باعث بہترین تھا مگر آج گرمی قہر ڈھانے پر تلی ہوئی تھی۔ ہر ایک کی خواہش تھی کہ دیوار کے ساتھ لگے پنکھوں کے قریب نشست مل جائے تاکہ حبس اور گرمی کا کسی حد تک مداوا ممکن ہو پائے۔ اتنے خوبصورت ہال میں جب ونٹیلیشن کا اہتمام بھی نہ ہو۔ اے۔سی اور چھت کے پنکھوں کے بغیر تقریب کی طوالت شرکائے تقریب کے لیے کسی آزمائش سے کم نہیں ہوتی۔ سٹیج کے دونوں اطراف پاکستان اور آزاد کشمیر کے قومی ترانے، قائدین کی تصاویر اور شاعر مشرق کے اشعار سے مزین ہال کی خوبصورتی کو چار چاند لگا رہے تھیں۔ سٹیج کی پشت پر قد آدم بینر آویزاں تھا۔ جس پر آزاد کشمیر کالج لیکچرز ایسوسی ایشن کے نو منتخب عہدے داران کی تصاویر کے ساتھ جناب وزیر اعظم آزاد کشمیر اور وزیر ہائیر ایجوکیشن کی تصاویر بھی دعوت نظارہ دے رہی تھیں۔ پروفیسر اعجاز نعمانی مائیک پر موجود تھے۔ آپ وقتاً فوقتاً مہمانوں کا نام لے کر استقبال کر رہے تھے اور ساتھ ساتھ مہمانوں کو بہلا بھی رہے تھے کہ بس کچھ ہی دیر میں مہمان خصوصی پہنچنے والے ہیں اور آپ کے انتظار کی گھڑیاں ختم ہوا چاہتی ہیں۔ ان کی تسلیاں، تشفیاں اور بہلاوے بالآخر اس وقت رنگ لے آئے جب 12 بج کر 5 منٹ پر جناب وزیر اعظم چوہدری انوار الحق اپنے وزراء، ایم۔ایل۔ایز کے ساتھ رونق محفل بن گئے۔ آپ کے ساتھ سیکریٹری ہائر ایجوکیشن طیب طاہر، ناظم اعلیٰ تعلیمات کالجز ڈاکٹر عبدالرحمن اور پرنسپل پوسٹ گریجویٹ کالج ڈاکٹر نذر چوہدری بھی تشریف لائے۔ سٹیج سیکرٹری نے بغیر کسی توقف کے اس بزم کے آغاز اور تلاوت کلام پاک کے لیے پروفیسر خواجہ اویس احمد کو دعوت دی۔ تلاوت کلام پاک اور ترجمے کے بعد پروفیسر بشیر نقوی نے گل ہائے عقیدت بحضور سرور کونین پیش کیے۔ اس کے بعد جناب وزیر اعظم نے پروفیسر طارق سلیم شاہ صاحب کی قیادت میں نو منتخب ٹیم سے حلف لیا، جو قومی لباس میں ملبوس تھے۔ اس کے بعد سٹیج نو منتخب جنرل سیکرٹری ایکلا پروفیسر چوہدری عبدالرحیم کے حوالے کیا گیا۔ آپ نے چند تمہیدی کلمات کے بعد صدر مرکزی ایکلا پروفیسر طارق سلیم شاہ کو سپاس نامہ پیش کرنے کے لیے سٹیج پر مدعو کیا۔

آپ نے اپنے سپاس نامے میں وزیر اعظم آزاد کشمیر کی توجہ کالج اساتذہ کے چند دیرینہ مسائل کی جانب دلائی۔ جن میں بی۔ایس پروگرام کو مربوط ومنظم کرنے اور سٹاف کی کمی کو دور کرنا۔۔

بی۔ایس پروگرام کو عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے جدید انفراسٹرکچر کی فراہمی۔۔

انٹرمیڈیٹ کی سطح پر عصری تقاضوں سے ہم آہنگ جدید مضامین کی تدریس اور سٹاف کی فراہمی۔۔۔۔

کالج اساتذہ کی سست رفتار پروموشن کو کسی حد تک درست کرنے کے لیے موجودہ تعداد پر پروموشن پالیسی۔۔۔۔

ایم۔ایس الاؤنس۔۔

کالج اساتذہ کے لیے مناسب ٹیچنگ الاؤنس کی منظوری

اس کے بعد سٹیج سیکرٹری چوہدری عبدالرحیم نے وزیر اعظم آزاد کشمیر کو دعوت خطاب دی۔۔

جناب وزیر اعظم نے کہا کہ مجھے بہت خوشی ہو رہی ہے کہ میں ریاست کے پڑھے لکھے اور سلجھے ہوئے باوقار لوگوں کی اس تقریب میں موجود ہوں۔

سپاس نامے میں بھی لمبی چوڑی روایتی باتوں سے ہٹ کر اس سے چند بنیادی نوعیت کے مطالبات تک بات کو فوکس کیا گیا ہے۔ جس میں اسی فیصد کو ایڈریس کرلیا جائے گا۔

آپ نے اپنے خطاب میں کہا کہ ادارہ جاتی اصلاحات کے ساتھ انفراسٹرکچر کو بھی بہتر بنانا ہو گا۔ اگر یہ نظام ایسے ہی چلتا رہا تو یہ اپنے بوجھ تلے دب جائے گا، ضرورت کی بنیاد پر اداروں میں اصلاحات کرنا پڑیں گی۔ ہم سب کو سوچنا ہے کہ ہم نئی نسل کے لیے کیا پروڈیوس کر رہے ہیں؟

میرا دل اس وقت خون کے آنسو روتا ہے جب ایم۔فل پی ایچ ڈی حامل درخواست نہیں لکھ سکتا۔ شرح خواندگی کی اہمیت اپنی جگہ مگر موجودہ دور کا تقاضا کوالٹی اور معیار ہے۔ محض ڈگریوں کا ڈھیر کسی کام کا نہیں ہے۔ ہمیں سٹرکچرل ریفارمز کو بروئے کار لاتے ہوئے جوابدہی کے ساتھ اداروں کو قائم رکھنا ہوگا۔ تبھی آپ مراعات کے حقدار ہوں گے، ابھی تعلیمی پیکج پر کام جاری ہے کابینہ کا اصرار ہے کہ نئے تعلیمی ادارے بنائے جائیں مگر میرا خیال ہے کہ پہلے قائم تعلیمی اداروں کو بہتر بنانا ہے۔ اس سال 3 ارب روپے انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے رکھے گئے ہیں۔

6 ارب روپے صحت کے لیے رکھا ہے۔

کس قدر ستم ظریفی ہے کہ انتہائی کم قیمت کے باوجود بجلی کے 70 فیصد بلات کی ادائیگی نہیں ہوتی۔

استاد روحانی باپ کا درجہ رکھتا ہے، اس جملے کا حقیقی مقصد کردار کی مضبوطی ہے۔ تعلیم صحت اور شہریوں کی جان ومال کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ جو مراعات آپ کو دستیاب ہیں، وہ دنیا میں ہر کسی کو دستیاب نہیں ہیں۔ پچھلی بار بجٹ میں 23 ارب کا خسارہ تھا، اس بار کوئی خسارہ نہیں ہے۔ آپ کی حکومت وسائل پیدا کر کے عوام پر خرچ کر رہی ہے۔ اگر آپ کو سب سہولیات میسر ہیں تو اپنے رویوں میں بھی اصلاح لانا ضروری ہے۔

آپ نے کہا کہ یہ سوشل میڈیا کا زمانہ ہے۔ اب لوگوں کی امید جاگ چکی ہے۔ رونما ہونے والا چھوٹا سا واقعہ بھی چھپ نہیں سکتا۔ جہاں خامی ہو اس کی برملا نشاندہی کی جائے اور یقینی طور پر خامی کو درست ہونا چاہیے۔ یہ ممکن نہیں کہ ہر جگہ وزیر اعظم جا کر خود کام کروائے۔ احتساب کا نظام مضبوط کیا ہے۔ گزشتہ سال پن بجلی کے منصوبوں پر کام کیا ہے

رسل ورسائل کو بہتر کیا ہے، خطیر رقم روڈ انفراسٹرکچر پر خرچ کی ہے۔ یہاں میگا انڈسٹری تو نہیں ہے۔

آپ اساتذہ کرام نے نسل نو کی تربیت کرنی ہے۔

کفران نعمت سے گریز کرنے کی ضرورت ہے، جس معاشرے میں معلمین اور اساتذہ کا احترام اٹھ جائے وہ معاشرے سلامت نہیں رہتے۔

اساتذہ پیشہ پیغمبری سے وابستہ ہیں۔ اس کی جھلک بھی نظر آنی چاہیے، ہم سب کو تلخ حالات کا ادراک ہونا چاہیے۔ ہم نے اندھیروں سے راستے تلاش کرنے ہیں اور نسل نو کی امید کو زندہ رکھنا ہے، وزیر اعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ طویل عرصہ بعد کسی تنظیم کے عہدیداران سے مل کر خوشی ہوئی، یہ تنظیم اپنے وجود کو اپنے کردار سے ثابت کر رہی ہے، آزاد کشمیر مردم خیز خطہ ہے، یہاں حقوق کے ساتھ ساتھ فرائض سے آشنائی ضروری ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ لوگوں کو مایوسی سے بچا کر امید دلائی جائے یہی قرآن کریم اور انبیاء ؑ کی تعلیمات ہیں۔ اساتذہ کو ذمہ داری سے کام کرنا ہوگا۔ میں نے گورنمنٹ کالج لاہور میں جن اساتذہ سے پڑھا وہ اساتذہ کردار میں اس قدر بڑے لوگ تھے کہ جب وہ سامنے آتے تھے تو محبت سے ہمارے سر جھک جاتے تھے۔ آج احساس ہوتا ہے کہ انہوں نے ہمیں جوانی میں دانش کا قیمتی اثاثہ منتقل کیا، یہاں مخالفت اسی کی ہوتی ہے جو ”سٹیٹس کو“ کو توڑنے کی کوشش کرے، نظام کی بہتری کے لیے سرجیکل انٹروینشن کی ضرورت ہے۔ اس نظام میں، میں نے جہاں زوال دیکھا وہاں بند باندھنے کی کوشش کی، میرے دور حکومت میں 3 ہزار لوگوں نے این۔ٹی۔ایس پاس کیا، آپ سب نے سنا کہ پاس ہونے والوں نے کہا کہ اگر میرٹ نہ ہوتا تو ہماری نسلوں میں سے بھی کوئی ایسا نہیں تھا جو سرکاری نوکری حاصل کر پاتا۔ جب معاشرے ناانصافی کا شکار ہو جاتے ہیں تو ردعمل اندر سے ابھرتا ہے، انہوں نے کہا کہ ہمیں امید نو کو پروان چڑھانا ہے، اسی بدولت معاشرہ ترقی کی راہ پر گامزن ہوسکتا ہے۔

جناب وزیر اعظم یقیناً آپ ایک ویژن رکھتے ہیں اور مسائل کا ادراک بھی مگر کینسر کا علاج ڈسپرین سے نہیں ہوسکتا۔ اس میں شک نہیں کہ ہمارے نظام میں بے شمار خرابیاں موجود ہیں، مگر محض ان کے تذکرے سے یہ ختم نہ ہوں گی اس کے لیے بلاتخصیص علاقہ، قبیلہ اقدامات کی ضرورت ہے۔ اداروں سے ہر قسم کی سیاسی مداخلت ختم کرنا ہوگی۔ صرف اور صرف میرٹ پر سربراہان ادارہ جات کا تقرر ہو۔ محض سنیارٹی بھی کوئی جواز نہیں فقلس کو جب تک کلسپڈ نہیں کیا جائے گا بہتری کا خواب شرمندہ تعبیر نہ ہوگا۔ جب تعلیمی بورڈ سمیت ہر جگہ میرٹ سے ہٹ کر وابستگیوں اور تعلقات پر تقرریاں ہوں گی تو پھر یہ تنقید جاری رہے گی۔ محکمہ تعلیم میں بے شمار خرابیاں ہیں مگر کیا جنگلات پھل پھول رہے ہیں یا پہلے والے بھی اجڑ رہے ہیں؟

سڑکوں پر جو بجٹ لگتا ہے کیا وہاں دیانت داری کا کوئی پیمانہ موجود ہے؟ ایک سڑک کروڑوں میں بنتی ہے مگر کیا وہ اپنی لاگت کے اعتبار سے بین الاقوامی معیار کے کسی پیمانے پر اترتی ہے؟ ایک سرکاری عمارت جتنی لاگت میں بنتی ہے اسی معیار کی بلڈنگ ذاتی حیثیت سے چار بن سکتی ہیں۔ دفاتر میں سائلین کے ساتھ کیا ہوتا ہے یہ راز اب کوئی راز نہیں۔ بے شمار ایسے مسائل ہیں جن پر بھرپور بات ہوسکتی ہے مگر شاید ایک مختصر مضمون میں اس کا احاطہ نہیں ہوسکتا۔ اسپر سیر حاصل بحث اور اصلاح احوال کی ضرورت ہے۔ کسی درخت کی جڑوں میں کیڑا لگ جائے تو اس کی شاخیں کاٹنے سے وہ صحت مند نہ ہو سکے گا۔

اس کے بعد جناب وزیر اعظم آزاد کشمیر نے ایکلا آزاد کشمیر کی سفارش پر چیف الیکشن کمشنر پروفیسر ڈاکٹر یاسر عرفات کو شیلڈ پیش کی۔

اب نوجوان ومتحرک وزیر اطلاعات پیر مظہر الحق نے علم کی اہمیت وافادیت اور اساتذہ کے مقام ومرتبے پر قرآن وحدیث کی روشنی میں خوب صورت و دلنشیں خطاب کیا۔ آپ نے کہا کہ قرآن تمام علوم کا سرچشمہ، مرکز و منبع ہے۔ مسلمانوں نے جب تک قرآن کی تعلیمات کے مطابق علم کی اہمیت کو حرز جاں بنائے رکھا دنیا میں وہ قابل فخر رہے مگر جب اقتدار ان کے لیے آسائش اور عیاشی کا ذریعہ بنا تو پھر ثریا سے زمین پر پٹخ دیے گئے۔ آج بھی ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم سائنس اور ٹیکنالوجی کی تعلیم کو مرکزی مقام دیں تاکہ ہمیں دنیا مقام و مرتبہ دے۔

آخر میں وزیر ہائر ایجوکیشن ملک ظفر اقبال نے خطاب کیا آپ نے کہا کہ میں آپ کے نمائندے کی حیثیت سے ہر جگہ آپ کا مقدمہ لڑوں گا۔ میں طارق سلیم شاہ اور ان کی جملہ ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور توقع رکھتا ہوں کہ آپ لوگ بھی اس سسٹم کی بہتری کے لیے میری معاونت کریں گے۔

آپ کی مشکلات کا مجھے احساس ہے سٹاف کی کمی کو دور کرنے کے لیے اشتہار دے دیا گیا ہے امید ہے گرمائی تعطیلات کے دوران ان پر سلیکشن ہو جائے گی۔

آپ لوگ قوم کے معمار ہیں ہمیں آپ سے بڑی توقعات وابستہ ہیں۔ ہم ان شاء اللہ جلد ہی ایک تعلیمی سیمینار کا انعقاد کریں گے۔ جس میں تعلیم کو درپیش مسائل و چیلنجز پر سیر حاصل بحث کی جائے گی۔ آزاد کشمیر کی آبادی اگرچہ پینتالیس لاکھ ہے مگر جو لوگ مستقل طور پر یہاں رہائش پذیر ہیں ان کی تعداد پچیس لاکھ سے زیادہ نہیں ہے۔ اس حساب سے تعلیمی ادارے، سکولز، کالجز، یونیورسٹیاں، میڈیکل کالجز، حکومت، کورٹس، لاکھوں کی تعداد میں ملازمین، پنشنرز یہ سب اللہ پاک کا ہم پر خصوصی فضل وکرم ہے۔ ہمیں کفران نعمت سے بچنا چاہیے۔

ہمیں سچ کو سچ اور جھوٹ کو جھوٹ کہنے سے ہچکچانا نہیں چاہیے۔ بحیثیت اس ملک کے باشعور شہری آپ پر بھاری ذمہ داری ہے کہ آپ لوگ نئی نسل کو ایجوکیٹ کریں۔ سوشل میڈیا کے شتر بے مہار کو کنٹرول کریں اور ملک سے محبت کا درس دیں۔ اللہ پاک ہمیں نئی نسل کی صحیح رہنمائی کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔۔

آخر میں سٹیج سیکرٹری نے دعا کے لیے پروفیسر ڈاکٹر مفتی محمد رفیق کو دعوت دی۔ یوں ایک مفید اور پروقار تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔ تقریب کے بعد شرکائے تقریب کے لیے کالج کے احاطے میں کھانے کا اہتمام کیا گیا تھا۔ گرمی اپنے جوبن پر تھی۔ نماز ظہر کے بعد تقریباً تین بجے ہم لوگ کالج کے احاطے میں جمع ہوئے۔ سابق صدر ایکلا پروفیسر محمد نعیم عباسی نے چائے کی دعوت دی مگر گرمی کی شدت اس قدر تھی کہ ہر ایک جلد از جلد گھر پہنچنا چاہ رہا تھا یوں تقریباً تین بجے رضوان نے گاڑی سٹارٹ کی اور شہر اقتدار سے نکل کر فاصلوں کو چیرتی ہوئی ساڑھے پانچ بجے جہالہ کے ایک ہوٹل پر رکی۔ جہاں نماز عصر اور ریفریشمنٹ کے بعد سات بجے میں اپنے تھان پر اتر گیا جب کہ دیگر احباب کالج کی طرف رواں ہوئے۔

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں
......(ادارہ)

پروفیسر محمد وحید خان کی تعلیمی خدمات

اللہ کریم اپنی مخلوق سے بے انتہا محبت کرتے ہیں۔ اس محبت، شفقت اور مودت کی مختلف صورتیں اور مظاہر ہوتے ہیں۔ اللہ پاک نے اپنی پہچان اور تعارف کروا کر اپنی طلب اور اس راستے کی محبت ہماری فطرت میں رکھ دی ہے۔ یہ کائنات اور اس کے مظاہر رب کائنات کی لازوال محبت کی داستان ہیں۔ اللہ پاک نے کائنات کی ہر چیز انسان کے لیے بنائی اور انسان کو اپنے لیے بنایا۔ یہ عبادات، معاملات، معاشرت، یہ سیاست اور معیشت یہ سارے قاعدے اور ضابطے اللہ کی اپنی مخلوق سے محبت کے قاعدے کلیے ہیں۔ ان پر چلنے سے اور قائم کرنے سے ہی انسان اللہ کی محبت کا مستحق ٹھہرتا ہے۔ اللہ پاک اپنے راستے پر چلنے والوں کے لیے مخلوق کے قلوب میں بھی طمانیت، قبولیت اور پسندیدگی ڈال دیتا ہے۔ اور ان کے اندر اپنی صفات کا پرتو پیدا کر دیتا ہے۔ کوئی بھی انسان کمتر نہیں ہوتا لیکن کچھ لوگ بہتر سوچوں اور صفات کی وجہ سے مخلوق کے لیے نفع رسانی کا باعث بنتے ہیں۔ ان کی ذات ایک شجر سایہ دار کی طرح ہوتی ہے۔ بے غرض اور بے لوث۔ دوسروں کے لیے دھوپ میں چھاؤں کی مانند۔ اپنے پھل، پھول، پتے اور وجود سے سایہ دینے والے۔ ایسی بہت سی خوبیاں اللہ کے کرم کی وجہ سے ایک ایسی شخصیت میں اس طرح مجتمع ہو کر انسانی وجود میں ڈھل چکی ہیں کہ جن سے مل کر انسان کی طبیعت کا بوجھل پن ختم ہو جاتا ہے۔ وہ ایسی آسان شخصیت ہیں کہ جن سے بات کرنا بہت آسان ہے۔ ان سے سوال کرنا، ان سے دل کی بات کرنا، ان سے اختلاف کرنا بہت ہی آسان ہے۔ وہ دکھ درد میں آنسو بہاتے بھی ہیں اور پونچھتے بھی ہیں۔ دکھوں میں مرہم بننا اور دوسروں کے درد کو اپنا درد سمجھنا آپ کی طبیعت کا خاصہ ہے۔ کچھ دینے کی بات ہو تو آپ کا درجن بارہ سے اوپر ہوتا ہے اور لینے کے معاملے میں وہ دس پر بھی راضی ہو جاتے ہیں۔ پروفیسر سردار وحید خان پرنسپل انٹر کالج رہاڑہ جیسی شخصیات کسی بھی معاشرے کے لیے درحقیقت قدرت کا انعام ہوتی ہیں۔ بے ضرر لیکن نفع بخش۔ آپ نے اپنی زندگی اصول، ضابطے اور ایک نظم اور ترتیب سے گزاری۔ آپ کی مرتب زندگی ایک سلیقے اور قرینے سے عبارت رہی۔ تاریخ کے طالب علم کے طور پر آپ کی گفتگو تاریخی حوالوں سے مزین ہوتی ہے۔ لیکن آپ کی گفتگو میں نہ جاننے والوں کی تحقیر کا پہلو نہیں ہوتا بلکہ اپنے درست موقف پر بھی دلیل کے ذریعے دوسرے کی عزت نفس کو پامال نہ کرنا آپ کی شخصیت کا ایک اور روشن پہلو ہے۔ آپ نہایت ہی حلیم الطبع اور شیریں زباں ہیں۔ آپ کے لہجے کی مٹھاس آپ کے الفاظ سے زیادہ پر اثر ہوتی ہے۔ آپ کی قابل قدر خوبیوں میں ایک بہت ہی نمایاں خوبی آپ کا اپنے جونیئر اسٹاف کے ساتھ حسن سلوک ہے۔ آپ نے کبھی ان کو اپنا ذاتی ملازم نہ سمجھا نہ ہی اس طرح کا برتاؤ کیا۔ کچھ صاحبان اختیار کبھی کبھی اپنے ہونے کا احساس دلانے کے لیے اس طرح کی حرکات کر جاتے ہیں کہ جس سے دل آزاریاں جنم لیتی ہیں۔ لیکن اللہ کا کرم ہے کہ ان کی شفقت بھری طبیعت نے سارے ملازمین کو ادارے کے ساتھ دل سے جوڑے رکھا۔ نادار بچوں کی فیس کا مسئلہ ہو تو جناب کی سخاوت دیدنی ہوتی۔ آپ نے بحیثیت پرنسپل اس ادارے اور گاؤں کے ساتھ ایک بہت بڑا احسان کیا ہے۔ آپ نے اپنے فرائض منصبی سے بڑھ کر اپنے فرائض نبھائے۔۔۔۔۔ مٹی کی محبت میں ہم آشفتہ سروں نے۔۔۔۔۔ وہ قرض بھی اتارے جو واجب بھی نہ تھے۔۔



آپ نے ادارے کی مخدوش صورتحال میں اپنی خداداد صلاحیتوں سے تعلیم اور تعلم کے سفر کو جاری رکھا۔ اور اپنی حلال کمائی سے کبھی ایک اور کبھی دو پرائیویٹ اساتذہ کو تنخواہ ادا کرتے رہے۔ ایک ٹیچر کی تنخواہ ٹرسٹ کی وساطت سے ادا ہوتی رہی۔ آپ کو اپنے ادارے کو چلانے کے لیے مخلصانہ عدم تعاون کا سامنا رہا۔ لیکن آپ ایک نوکری پیشہ ذہنیت سے بڑھ کر ایک مدبرانہ سوچ اور عمل کے ذریعے معاملات کو ایک درست رخ پر لیکر آگے بڑھتے ہیں۔ آپ کا یہ عمل اللہ کرے آپ کے لیے آخرت میں اجر اور قرب الٰہی کا ذریعہ بنے۔ برسبیل تذکرہ

ایسے جذبوں اور صفات کو سراہا جانا اس لیے بھی ضروری ہے کہ قحط الرجال کے اس پرفتن دور میں ایسی سوچوں اور آدرشوں کو ہم نے پھر سے زندہ کرنا ہو گا۔ تعلیمی ادارے صرف مدت ملازمت پوری کرنے سے نہیں چلا کرتے بلکہ پروفیسر وحید صاحب جیسے جذبے اور تڑپ ہی معاشروں کو جہالت سے نکال کر علم اور عمل کی راہوں پر ڈالتے ہیں۔

انٹر کالج رہاڑہ اپنی بقا کی جنگ اپنے قیام سے ہی لڑ رہا ہے۔ اس ادارے کی بنیادیں رکھنے والے بلاشبہ اس گاؤں کے محسنین میں شمار ہوتے ہیں۔ لیکن اس ادارے کو سیاسی، سماجی اور حکومتی سرپرستی سے محرومی نے اس ادارے کے فعال کردار کو بھی محدود کر دیا ہے۔ تعلیمی ادارے ہی کسی سماج کی نوک پلک سنوارنے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ معاشرے میں برداشت، تحمل، ایثار، بردباری، راست گوئی اور سماجی ہم آہنگی پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ تعلیم ہی ایسا عمل ہے جس سے غربت، ناانصافی اور محرومیوں کا بدلاؤ ممکن ہے۔ آج کی دنیا طاقت اور ٹیکنالوجی کی دنیا ہے۔ اور علم ہی طاقت ہے۔ علم سے دوری ہی سیاسی اور معاشی غلامی پر منتج ہوتی ہے۔ جو فرد اور معاشرہ علم اور عمل سے دور ہو گا وہ طاقتور قوموں کے زیر نگیں آنے میں دیر نہیں کرے گا۔ پروفیسر وحید صاحب کی زندگی سے علم دوستی کی وہ کرنیں پھوٹی ہیں کہ جن کی ضیاپاشیوں سے ایک عہد علم و آگہی کو سینچتا رہے گا۔ آپ درحقیقت فرینڈ آف ایجوکیشن“ کی حیثیت سے اپنے درس وتدریس کی پروفیشنل ذمہ داریوں سے سبکدوش ہو رہے ہیں۔ لیکن ہم بحیثیت مسلمان اور بحیثیت لیکچرر تک بھی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر جیسے عظیم مقصد سے سبکدوش نہیں ہو سکتے۔ اس لیے امید واثق ہے کہ یہ علم کی شمع سے محبت جلائے رکھیں گے اور ادارے سے اپنے اخلاص کی حدت سے جلا بخشتے رہیں گے۔ ان کی زندگی کا حاصل اور عملی دعوت بھی یہی ہے کہ ہم اپنے تعلیمی اداروں کی اونرشپ لیں۔ انہیں صرف سرکار کے کھاتے میں ہی نہ رکھیں۔ سیاسی اور سماجی قیادت سرکار سے اپنا حصہ ضرور لے۔ یہ بلڈنگ اور ٹیچرز کی کمی جو ادارے کی کارکردگی کو متاثر کر رہی ہے یہ ہماری سیاسی قیادت کی ناکامی ہے۔ لیکن ان کوششوں کے ساتھ ساتھ ہمیں اپنے اداروں کی پشتی بانی سے بھی پہلو تہی نہیں کرنی چاہیے۔ ہمارے گراؤنڈز بھی آباد ہوں اس کے بھی نوید ہوں۔ لیکن تعلیمی اداروں سے بیگانی اور ان کی کسمپرسی ہماری بے حسی کی وہ تلخ داستان ہے جسے مؤرخ تحریر کر رہا ہے اور ہماری آنے والی نسلیں اسے پڑھیں گی۔ ہم نے اپنا ادارہ نہ بدلا اور ان اداروں کو اپنی ترجیح اول نہ بنایا تو قدرت کا کچھ عرصہ کے لیے تو کہیں سردار حمید کی صورت میں تو کہیں سردار وحید کی صورت میں دردول والے احباب بھیجتی رہے گی لیکن کفران نعمت سے نعمتیں چھین جانے والا قدرت کا قانون بھی حرکت میں آ جاتا ہے۔ ہمارے گاؤں کے تعلیمی اداروں کی ناگفتہ بہ عمارتیں اور سٹاف کی کمی ہمیں دعوت فکر دے رہی ہیں کہ یہ دنیا ہمت کرنے والوں کی ہے اتفاق اور اتحاد سے درست ترجیحات کا تعین کر کے مشترکہ مقاصد کے لیے کوشش کرنے والوں کی ہے۔۔۔۔

اداروں سے ہی سماج اور قومیں بنتی ہیں۔ اداروں کی مضبوطی ہی خوشحالی کی ضامن ہے۔ اداروں کی بے توقیری ہماری پسماندگی کا بنیادی سبب ہے۔ تعلیمی اداروں کو درست خطوط پر استوار کرنے سے ہی ہماری زندگی آسان ہوگی۔ ہم اگر اپنے بچوں کو پرائیویٹ تعلیم دینے پر ہی بضد رہیں گے تو ایک وقت آئے گا تعلیم غریب تو کیا امیر کی پہنچ سے بھی نکل جائے گی۔ سول سوسائٹی تعلیم کے عمل میں حصہ دار بنے کیونکہ غیر تعلیم یافتہ شخص حقوق وفرائض کی آشنائی سے زیادہ دور ہوگا۔ کہیں بھی تعلیم کے عمل میں خرابی ہو تو ہمیں اس سے لاتعلقی کے بجائے اصلاحی پہلو کو اختیار کرنا ہوگا تب ہی جا کر ہماری زندگی آسان ہو گی۔ ایسے حالات میں ہمیں سردار وحید صاحب کے عمل سے سیکھنا چاہیے۔ اور اپنی جان مال اور وقت لگا کر اداروں کی معاونت کرنا ہوگی۔ ہمیں علم کی اس مشعل کو جسے وحید صاحب نے بہت نامساعد حالات میں بھی احسن انداز سے تھامے رکھا اس علم وآگہی کی مشعل کو اپنے جذبوں سے سینچتے ہوئے نئی نسل کے ہاتھوں تک پہنچانا ہو گا۔ یہی دردول کا یہی پیغام محبت ہے۔ اور یہی وحید صاحب جیسے عالی ظرف لوگوں کی محنتوں کا حاصل ہے۔ اس ادارے کی ترقی اور بڑھوتری ہی سچے جذبوں کے تسلسل کے سفر کی تکمیل کی نشان ہے۔ وحید صاحب نے سجاد صاحب سے لیے گئے علم کے پرچم کو تھاما اور کمال محبت سے آگے بڑھایا۔ ہم قلم وکتاب سے وابستہ سارے احباب وحید صاحب کے خلوص اور مہر ووفا کے مقروض ہیں اور خالق ارض وسماء سے آپ کی دنیا اور آخرت کی بھلائی کا سوال کرتے ہیں کہ اللہ پاک انہیں آپکی شان کے مطابق نوازے۔۔

تلاش گمشدہ

میری میٹرک کی سند زیر رول نمبر 130944 سیشن 2013، جاری کردہ آزاد جموں وکشمیر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میرپور دوران سفر کہیں گر کر گم ہو گئی ہے۔ اگر کسی صاحب کو ملے تو برائے مہربانی درج ذیل پتہ پر ارسال کرے یا دیئے گئے فون نمبر پر رابطہ کرے۔ المشتہر: عبدالصمد ولد محمد شیراز خان ساکن دھمنی شرقی ڈاکخانہ وتحصیل راولاکوٹ ضلع پونچھ آزاد کشمیر۔ موبائل: 0312-9266629

انٹرنیٹ اب صرف سہولت نہیں بلکہ ایک لائف لائن اور قومی ترقی کا بنیادی جزو ہے، شزا فاطمہ

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ نے کہا ہے کہ انٹرنیٹ اب صرف سہولت نہیں بلکہ ایک لائف لائن اور قومی ترقی کا بنیادی جزو ہے، ڈیجیٹل ترقی کا خواب تب ہی پورا ہوگا جب ہر شہری کے پاس قابل اعتماد اور مستحکم انٹرنیٹ دستیاب ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ نے PSARB انڈسٹری راؤنڈ ٹیبل کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ شزا فاطمہ خواجہ نے کہا کہ یہ صرف ایک راؤنڈ ٹیبل نہیں بلکہ مستقبل کی ڈیجیٹل پالیسیوں کی بنیاد رکھنے والی اہم مشاورت ہے، انٹرنیٹ اب صرف سہولت نہیں بلکہ ایک لائف لائن اور قومی ترقی کا بنیادی جزو ہے، SCO اور USF جیسے ادارے دور دراز علاقوں تک انٹرنیٹ کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں، سیٹلائٹ انٹرنیٹ کو ممکن بنا کر پاکستان کے ہر شہری تک رسائی یقینی بنائی جا سکتی ہے۔ ڈیجیٹل معیشت، ڈیجیٹل سوسائٹی اور ڈیجیٹل گورننس کے لیے ڈیجیٹل نیشن ایکٹ کی منظوری سنگ میل ہے، وزیراعظم شہباز شریف کے وژن ڈیجیٹل پاکستان کی تکمیل کے لیے، تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر عملی اقدامات اٹھائے، شزا فاطمہ خواجہ نے کہا کہ وزیر اعظم ہر ہفتے کیش لیس اکانومی پر ٹاسک فورس اجلاس کی صدارت کرتے ہیں، ڈیجیٹل ترقی کا خواب تب ہی پورا ہوگا جب ہر شہری کے پاس قابل اعتماد اور مستحکم انٹرنیٹ دستیاب ہوگا، ایک متحدہ حکمت عملی کے تحت انوینٹ میٹنگ کے ساتھ اشتراک اہم ضرورت ہے

از دفتر ایگزیکٹیو انجینئر تعمیرات عامہ شاہرات ڈویژن سدھنوتی (پلندری)

Corrigendum No 1

دفتر ہذا سے جاری شدہ ٹینڈر نوٹس نمبر 54-950، نمبر 59-955، مورخہ 12-06-2025 جو کہ روزنامہ صدائے چنار، پہل دیو، جنگ، کشمیر دھرتی، کشمیر ٹائمز، The Dawn، Country News میں مورخہ 14-06-2025 کو شائع ہوئے تھے اور AJK PPRA پر ڈی نمبر 5988، نمبر 5969 مورخہ 13-06-2025 کو اپ لوڈ ہوئے تھے جو بذریعہ E-Bidding مورخہ 27-06-2025، مورخہ 30-06-2025 کو دن 11:30 بجے اوپن ہونے تھے معزز عدالت العالیہ کے حکم امتناعی کی روشنی میں تاحکم ثانی التواء میں رکھے جاتے ہیں۔

ایگزیکٹیو انجینئر تعمیرات عامہ شاہرات ڈویژن سدھنوتی

AJKPD-54PA-6-25

Invitation For Bids

District Livestock and Poultry Development Officer District Poonch Rawalakot
Department of Animal Husbandry Azad Government of the state of Jammu & Kashmir intends procurement of Poultry feed against the normal budget from well reputed income tax registered companies/firms /suppliers for financial years 2025-26 for district Poonch and Sudhanoti as enclosed subject to following terms and conditions:

1. Bidding shall be conducted through "Open Competitive Bidding" in pursuant to "Single Stage –one envelop" Procedure Specified in the AJ&K PPRA Rules,2017,36(a)."Technical Bids" and "Financial Bid" should be mentioned clearly on the envelop. Technical bids will be opened first "Financial Bids of only technically qualifying bidders will be opened.
2. Sealed Bids must be delivered to District Livestock& Poultry Development Officer District Poonch Rawalakot on or before11.Am 14-07-2025.
3. The bidder must provide a Bid Security Rs 1,80,000 along with the financial proposal in form of CDR from Scheduled Bank in favour of District Livestock& Poultry Development Officer District Poonch Rawalakot .The bidder may be asked to provide performance guarantee rate of 2% of the contract Amount.
4. Bids will be opened in the presence of bidder or their representatives who choose to attend(along with Authority Letter) at in the District Livestock& Poultry Development Officer District Poonch Rawalakot on the 14-07-2025at 02:00 pm .
5. The bidder are required to submit their best and final price Matching to the " principle of value for money meaning quality product.
6. The quoted price shall be applicable for the whole financial year 2025-26.
7. The bidder Suppliers having the experience of at lost three year with good performance certificate from procuring agency in the relevant field of poultry supply will be preferred.
8. The Bidder/ Suppliers must have their office and feed store at Poonch/ Sudhanoti .
9. Taxes will be deducted as per applicable under AJ&K Tax Laws and Government rules from amount billed for.
10. Specification of items with bidding from annexed herewith the advertisement notice for further classifications meant for Bid submissions or best value/ Price quotations.
11. Blacklisted Firms/companies/Suppliers/Distributor/Contractors/Bidders are prohibited for participation and all bidders shall furnish and affidavit/certificate that they are neither blacklisted nor in conflict with Government anywhere in territory of State of the AJK, federally administrated Areas or Islamic Republic of Pakistan.
12. Department purchase committee reserves the right of accept or reject any Bid under rule 33 of AJ&K PPRA Rules,2017.
13. Evaluation report/Award of contract shall be displayed at AJ&K PPRA Website http://ajkppra.gov.pk and livestock department website http://livestock.ajk.gov.pk/ .
14. Successful bidder shall have to supply Poultry Feed (50kg Packing) with certificate of feed formula with in 2 week after issuance of supply order.
15. Payment will be made depend upon the Availability/ Release fund from Government AJ&K in Financial year 2025-26.

For obtaining any further information or clarification, please contact District livestock and Poultry Development officer Rawalakot at Ph. No.05824-920122. The bids may be delivered to office of the District livestock and poultry development officer Rawalakot near PSO Pump Ghazi Millat Road Mutyalmara Rawalakot by hand or through Courier Service (At Risk and cost of the Bidder) with in the stipulated time and date. Bids received after due date and not properly sealed will be rejected.

District Livestock & Poultry Development Officer
District Poonch Rawalakot

AKPD 94N/06/2025

میدان تا تراڑ کھل سڑک پر کام کی بندش کیخلاف 11 جولائی کی ڈیڈ لائن

وزیر اعظم آزاد کشمیر کے اعلان کے باوجود 8 ماہ گزر چکے نہ ہی سڑک کا ٹینڈر ہوا اور نہ ہی کام کا آغاز ہو سکا

مقررہ تاریخ تک ٹینڈر ہو کر کام شروع نہ ہوا تو احتجاج کریں گے، عوامی ایکشن محاذ پونچھ کے رہنما معین منصور

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) عوامی ایکشن محاذ پونچھ کا میدان تا تراڑ کھل سڑک پر 8 ماہ سے زائد کا عرصہ گزر جانے کے باوجود بھی وزیر اعظم کے اعلان پر عملدرآمد نہ ہونے پر شدید تشویش کا اظہار۔ ٹینڈر ہو کر کام شروع نہ ہوا تو 11 جولائی کے بعد دمادم مست قلندر ہوگا۔ عوامی ایکشن محاذ پونچھ کے رہنما سردار معین منصور نے گزشتہ روز اس حوالہ سے منعقدہ ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 11 اکتوبر بروز جمعہ وزیر اعظم انوار الحق نے بذریعہ تراڑ کھل کے مقام پر جلسے سے خطاب کرتے ہوئے (میدان تا تراڑ کھل) روڈ کا اعلان یوں کیا کہ نومبر میں نوٹیفیکیشن جاری ہو کر دسمبر میں ٹینڈر بھی ہو جائے گا اور کام بھی شروع ہو (بقیہ 01 صفحہ 03)

عدالت نے اعظم سواتی کیخلاف کارروائی سے روک دیا

نیب خیبرپختونخوا سے جواب طلب، سماعت 16 جولائی تک ملتوی

پشاور (صباح نیوز) پی ٹی آئی رہنما اعظم سواتی کو نیب خیبرپختونخوا کی جانب سے نوٹس جاری ہونے کے معاملے پر عدالت نے نیب کو کارروائی سے روک دیا اور جواب طلب کر لیا۔ عدالت میں اعظم سواتی کی دائر درخواست پر سماعت جسٹس سید ارشد علی اور جسٹس خورشید اقبال پر مشتمل دو رکنی بنچ نے کی، اعظم سواتی وکیل کے ساتھ عدالت میں پیش ہوئے۔ وکیل نے عدالت کو بتایا کہ نیب (بقیہ 02 صفحہ 03)

سوشل میڈیا نے پی ٹی آئی کو سخت نقصان پہنچایا، مروت

پی ٹی آئی کی موجودہ قیادت کو کارکن گالیاں دے رہے ہیں، گفتگو

پشاور (صباح نیوز) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی موجودہ قیادت کو اپنے ہی کارکن گالیاں دے رہے ہیں، سوشل میڈیا نے پی ٹی آئی کو سخت نقصان پہنچایا۔ پشاور ہائی کورٹ میں پیشی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پارٹی قیادت اور خیبرپختونخوا حکومت پر سخت تنقید کی ہے۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ جس قیادت کو اپنے ہی کارکن گالیاں دے رہے ہوں، اس (بقیہ 04 صفحہ 03)

ایشین والی بال نیشنز کپ: قومی ٹیم کی آج وطن واپسی ہوگی

اسلام آباد (اے ایف پی) ایشین والی بال نیشنز کپ میں چاندی کا تمغہ جیتنے کے بعد پاکستان والی بال ٹیم آج (جمعہ) کو وطن واپس پہنچے گی۔ تفصیل کے مطابق بحرین میں منعقدہ (بقیہ 03 صفحہ 03)

سرینگر، ضلع سامبا میں وی ڈی جی نے خودکشی کر لی

سری نگر (کے پی آئی) ضلع سامبا میں بھارتی فوج کی حمایت یافتہ ملیشیا ولیج ڈیفنس گارڈز (وی ڈی جی) کے ایک رکن نے خودکشی کر لی ہے۔ 47 سالہ ولیج ڈیفنس گارڈ وکار احمد نے ضلع کے علاقے گھگوال کے بیکلا گاؤں میں اپنے گھر کے اندر اپنی رائفل سے خود کو گولی مار کر خودکشی کی۔ گولی (بقیہ 05 صفحہ 03)

سابق وزیر اعظم تنویر الیاس و دیگر کی پیپلز پارٹی میں شمولیت کا خیر مقدم

سردار محمد یعقوب خان کی بصیرت اور پارٹی کے لئے کاوش پر انہیں بھی دل کی عمیق گہرائیوں سے مبارکباد

سردار ابرار حسین حقانی ممبر سنٹرل ایگزیکٹو کونسل پاکستان پیپلز پارٹی، سردار نثار اسحاق و دیگر رہنماؤں کا مشترکہ بیان

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) سابق وزیر اعظم سردار تنویر الیاس، مشیر حکومت سردار احمد صغیر، ممبر قانون ساز اسمبلی علی شان سونی و دیگر کا باضابطہ طور پر پاکستان پیپلز پارٹی میں شامل ہونے پر سردار ابرار حسین حقانی ممبر سنٹرل ایگزیکٹو کونسل پاکستان پیپلز پارٹی، سردار نثار اسحاق (ر) پرنسپل رہنما پاکستان پیپلز پارٹی، سردار زاہد یوسف رہنما پاکستان پیپلز پارٹی، سردار ساجد رزاق سابق صدر حلقہ پانچ پاکستان پیپلز پارٹی، سردار محمد نثار خان رہنما پاکستان پیپلز پارٹی، سردار اویب علی رخسار نوجوان رہنما پاکستان پیپلز پارٹی سردار سمیع صدیقی رہنما پاکستان پیپلز پارٹی سید صعیب حبیب ایڈووکیٹ چیف آرگنائزر یوتھ کونسل (بقیہ 06 صفحہ 03)

بار، بینچ کے درمیان روابط کو مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور

لا کمیشن کے درمیان ادارہ جاتی خلا کا خاتمہ ناگزیر ہے، جسٹس یحییٰ آفریدی

لاہور (صباح نیوز) چیف جسٹس آف سپریم کورٹ یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ عدالتی منصوبوں کی نگرانی کے لیے صوبوں میں مشترکہ لائحہ عمل تعینات کیے جائیں گے، بار اور بینچ کے درمیان روابط کو مزید مستحکم کرنے کی ضرورت ہے۔ جمعرات کے روز چیف جسٹس آف پاکستان اور چیئرمین (بقیہ 07 صفحہ 03)

سبی اور گرد و نواح میں زلزلے کے جھٹکے

سبی (صباح نیوز) بلوچستان کے ضلع سبی اور گرد و نواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے ہیں۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق سبی اور اطراف میں آنے والے زلزلے کی شدت 3.2 اور گہرائی 23 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی، زلزلے کی وجہ سے ہر طرف خوف و ہراس پھیل گیا، لوگ کلمہ طیبہ (بقیہ 08 صفحہ 03)

ایلیمنٹری ٹیچر مڈل سکول پنڈی سردار غلام مصطفیٰ کی ریٹائرمنٹ پر تقریب

اساتذہ، طلبہ، اہل علاقہ کی بھرپور شرکت، تعلیم کیلئے لازوال خدمات پر بھرپور الفاظ میں خراج تحسین بھی پیش

بے شمار طلبہ کے اندر خود اعتمادی، شخصیت کو نکھارنے کیلئے جاندار جدوجہد پر شرکاء کی جانب سے مبارکباد، نیک تمنائیں

ہورنہ میرہ (دھرتی نیوز) ایلیمنٹری ٹیچر گورنمنٹ مڈل سکول پنڈی سردار غلام مصطفیٰ خان اپنی مدت ملازمت مکمل کرنے کے بعد ریٹائر ہو گئے۔ ان کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں انہیں بھرپور انداز میں خراج تحسین پیش کیا گیا۔ منعقدہ تقریب میں اساتذہ، طلبہ اور اہل علاقہ کی بھی ایک کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے (بقیہ 09 صفحہ 03)

پنجاب، بارش اور آندھی: حادثات میں 7 جاں بحق

12 زخمی، وزیر اعلیٰ کا بارش کے دوران لاہور کے مختلف علاقوں کا دورہ

لاہور (صباح نیوز) پنجاب کے مختلف علاقوں میں تیز آندھی اور موسلا دھار بارش نے تباہی مچادی، مختلف حادثات میں چار بچوں سمیت سات افراد جاں بحق جبکہ تین خواتین اور دو بچوں سمیت بارہ افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق جہلم میں ایک لوڈر رکشہ بارش کے باعث پھسل کر نالے میں جا گرا، جہاں ریسکیو ٹیم نے چھ افراد کو بروقت بچا لیا (بقیہ 10 صفحہ 03)

700 ٹی 20 میچز، کیرون پولارڈ دنیا کے پہلے کرکٹر بن گئے

نیویارک (اے ایف پی) ویسٹ انڈیز سے تعلق رکھنے والے جارح مزاج آل راؤنڈر کیرون پولارڈ نے ٹی 20 کرکٹ میں نئی تاریخ رقم کر دی۔ گزشتہ روز امریکا (بقیہ 11 صفحہ 03)

لاہور پولیس کا جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے قانون شکن عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن

لاہور (صباح نیوز) محرم الحرام کی آمد کے پیش نظر لاہور پولیس کا جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے قانون شکن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس ضمن میں ماہ جون میں ٹریول آئی سائٹ ویئر کے ذریعے 8 لاکھ 80 ہزار 800 سے زائد افراد کی چیکنگ عمل میں لائی گئی ہے۔ (بقیہ 12 صفحہ 03)

مظفر آباد: چیئرمین ٹیوٹا خواجہ نعیم بٹل کو ولید یاسین گلدستہ پیش کر رہے ہیں

عمران خان مائنس خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوگا، بیرسٹر سیف

پی ٹی آئی کے بعض کارکنان غیر دانستہ طور پر منفی مہم کی زد میں آ گئے ہیں

پشاور (صباح نیوز) مشیر اطلاعات خیبرپختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو مائنس کرنے کا خواب کبھی بھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوگا۔ اپنے بیان میں بیرسٹر سیف نے کہا کہ مخالفین آئین، قانون اور انصاف کا جنازہ نکالنے کے باوجود بھی عمران خان کو مائنس کرنے میں ناکام رہے، تحریک انصاف کے بعض کارکنان بھی غیر دانستہ طور پر اس منفی مہم کی زد میں آ گئے ہیں (بقیہ 24 صفحہ 03)

فورسز کی کارروائی، ایک دہشتگرد ہلاک، مغوی بازیاب

بازیابی کے بعد سپرنٹنڈنٹ اکاؤنٹ آفس کو دورہ پڑنے سے انتقال

ڈی آئی خان (صباح نیوز) پولیس اور سکیورٹی فورسز نے مشترکہ کارروائی کر کے ٹانک اور ڈیرہ اسماعیل خان کے بارڈر ایریا سے اغوا کیے گئے 3 سرکاری ملازمین کو بازیاب کرا لیا، فائرنگ کے تبادلے میں ایک دہشتگرد مارا گیا، 3 خوارج زخمی بھی ہوئے۔ ٹانک اور ڈیرہ اسماعیل خان سے اغوا 3 سرکاری ملازمین بازیاب کو بازیاب کرانے کے لیے سکیورٹی فورسز اور پولیس نے مشترکہ کارروائی (بقیہ 23 صفحہ 03)

ہزاروں کشمیری جیلوں میں بند ہیں، حریت کانفرنس

علی گیلانی، اشرف صحرائی، الطاف و دیگر دوران نظر بندی شہید ہو گئے

سری نگر (کے پی آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس نے مقبوضہ جموں و کشمیر اور بھارتی جیلوں میں قید کشمیریوں کی حالت زار پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کشمیری قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کے مطابق حریت کانفرنس کے قائدین میں مسرت عالم بٹ، شبیر احمد شاہ، محمد یاسین ملک، آسیہ اندرابی، میاں عبدالقیوم، ڈاکٹر حمید فیاض، نعیم احمد خان، فہمیدہ صوفی، (بقیہ 22 صفحہ 03)

عباسپور: مدرسہ تعلیم القرآن سے قرآن پاک مکمل کرنے پر طلبہ کا اساتذہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

استحصال کیخلاف علم بغاوت بلند کر دیا، طاہر کھوکھر

آزاد کشمیر میں جلد نئی عوامی سیاسی جماعت رجسٹرڈ کرنے جا رہے ہیں

اسلام آباد (صباح نیوز) پاسبان وطن پاکستان کے مرکزی صدر محمد طاہر کھوکھر نے آزاد کشمیر کے سیاسی و سماجی حالات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ وہ آزاد کشمیر میں جلد ایک نئی عوامی سیاسی جماعت رجسٹرڈ کرنے جا رہے ہیں ہم نے موروثی سیاست، سرمایہ دارانہ قبضے اور عوامی استحصال کے خلاف علم بغاوت بلند کر دیا ہے اس جماعت کا مقصد موروثی سیاست اور عوامی استحصال (بقیہ 21 صفحہ 03)

سرینگر، پولیس کیخلاف ایک شہری سے بدسلوکی کی شکایت

بھارتی وکلا کی گیارہ رکنی ٹیم کی بھارتی قومی انسانی حقوق کمیشن میں شکایت

سری نگر (کے پی آئی) بھارتی وکلا کی گیارہ رکنی ٹیم نے مقبوضہ جموں و کشمیر پولیس کے خلاف ایک شہری سے بدسلوکی کی شکایت بھارتی قومی انسانی حقوق کمیشن میں کر دی ہے۔ مقبوضہ جموں و کشمیر کے ضلع جموں میں ایک شخص کو جوتوں کے ہار پہنا کر پولیس گاڑی کے بونٹ پر بٹھایا گیا اور سڑکوں پر پریڈ کرائی گئی۔ یہ شخص وادی کشمیر کا رہائشی تھا اور پولیس نے دعویٰ کیا کہ وہ ایک بدنام زمانہ مجرم ہے۔ مذکورہ شخص کو پولیس افسر نے جوتوں کے ہار پہنا کر اور پولیس کی گاڑی پر بٹھا کر جموں شہر کے وسط میں واقع ایک (بقیہ 19 صفحہ 03)

بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت میں توسیع، تمام مقدمات کے چالان طلب

راولپنڈی (صباح نیوز) نو مئی احتجاج کے سلسلے میں انسداد دہشت گردی عدالت نے بشریٰ بی بی کے خلاف تمام مقدمات کے چالان طلب کر لئے۔ جج امجد علی شاہ کے روبرو بشریٰ (بقیہ 20 صفحہ 03)

کشمیریوں سے انسانی وقار کو چھین لیا گیا، عمر فاروق

بھارتی فوج کا میجر گوگوئی بھی کشمیریوں سے بدسلوکی پر مشہور ہوا ہے

سری نگر (کے پی آئی) جموں و کشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس کے سینئر رہنما میر واعظ عمر فاروق نے ایک شہری کو گاڑی کے بونٹ سے باندھنے اور جموں کے ایک بازار میں گھمانے میں ملوث بھارتی پولیس اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ پولیس نے شہری پر چوری کا الزام لگایا تھا، اس واقعے کی ویڈیو گزشتہ روز سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی۔ میر واعظ نے ایکس پر لکھا (بقیہ 18 صفحہ 03)

کشمیری رہنماؤں کی رہائی کیلئے سفارتی کردار ناگزیر قرار

جیلوں میں قید کشمیری قائدین کی زندگیوں کو شدید خطرہ ہے، محمد غالب

برمنگھم (صباح نیوز) تحریک کشمیر یورپ کے صدر محمد غالب نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر اور بھارتی جیلوں قید حریت کانفرنس کے قائدین کی زندگیوں کو شدید خطرہ ہے، ایک بیان میں محمد غالب نے کہا کہ شبیر احمد شاہ کینسر کی بیماری میں مبتلا ہیں انہیں علاج معالجے کی کوئی سہولت نہیں، (بقیہ 17 صفحہ 03)

آسٹریلوی کرکٹر عثمان خواجہ غزہ کے معاملے پر فلسطینیوں کے حق میں ڈٹ گئے

سڈنی (اے ایف پی) آسٹریلیا کے کرکٹر عثمان خواجہ غزہ کے معاملے پر فلسطینیوں کے حق میں ڈٹ گئے، نوکری سے برخاست صحافی سے یکجہتی کے لیے اس کے چینل کو انٹرویو دینے (بقیہ 16 صفحہ 03)

بنگلا دیش کا پاکستان کیخلاف ٹی 20 سیریز کے شیڈول کا اعلان

ڈھاکا (اے ایف پی) بنگلا دیش کرکٹ بورڈ نے پاکستان کے خلاف تین ٹی 20 انٹرنیشنل میچوں کی سیریز کے شیڈول کا اعلان کر دیا۔ پاکستان کرکٹ ٹیم سیریز کھیلنے کیلئے 16 جولائی (بقیہ 15 صفحہ 03)

پرائم منسٹر یوتھ کرکٹ ٹیلنٹ ہنٹ ٹرائلز آج سے شروع ہونگے

پہلا مرحلہ کوئٹہ میں ہوگا، لاہور قلندرز، ایچ ای سی کا اشتراک شامل، جاوید میمن

اسلام آباد (اے ایف پی) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام اور ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے زیر اہتمام نوجوان کھلاڑیوں کو کرکٹ میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کیلئے پہلے مرحلے میں ٹرائلز کا آغاز آج (جمعہ) سے بلوچستان میں ہوگا۔ ہائر ایجوکیشن کمیشن کے ڈائریکٹر سپورٹس جاوید (بقیہ 14 صفحہ 03)

ڈائریکٹر ٹوکیو جاپانیز لینگویج اسکول ولید یاسین کا ٹیوٹا کا دورہ

چیئرمین سمیت دیگر افسران سے خصوصی ملاقات، اہم امور پر تبادلہ خیال

مظفر آباد (دھرتی نیوز) پرنسپل/ ڈائریکٹر ٹوکیو جاپانیز لینگویج اسکول اینڈ ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ اسلام آباد سردار ولید یاسین کا TEVTA کمپلیکس نیو وزیر اعظم ہاؤس جلال آباد کا دورہ، اس موقع پر چیئرمین AJK-TEVTA جناب خواجہ نعیم بٹل کے آفس چیمبر میں ملاقات اور TEVTA (بقیہ 13 صفحہ 03)

عوام کے مسائل کا حل صرف مسلم لیگ ن کے پاس ہے، عامر الطاف

ریاستی سطح پر متعدد ترقیاتی منصوبے متعارف کرائے، ہم محض نعروں پر نہیں بلکہ عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں

کارکردگی سب پر بھاری، ہم نے حکومت میں آ کر عوامی فلاح و بہبود کو ترجیح دی ترقیاتی منصوبے عوامی پیکجز دیئے

مظفر آباد (صباح نیوز) وزیر ٹیکنیکل ایجوکیشن و مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما سردار عامر الطاف خان نے کہا ہے کہ عوام کے مسائل کا حل صرف مسلم لیگ ن کے پاس ہے ہماری جماعت نے ہمیشہ عوام کا خیال رکھا ملک اور ریاست کو ترقی دی اور ریاستی سطح پر متعدد ترقیاتی منصوبے متعارف (بقیہ 25 صفحہ 03)

راولاکوٹ: کمشنر پونچھ ڈویژن مسعود الرحمٰن، DIG سردار ظہیر احمد کا اعلیٰ سول و ملٹری حکام کے ساتھ گروپ فوٹو

دشمن اپنے فوجیوں کی لاشیں اٹھاتا رہے گا، ابوعبیدہ

غزہ (صباح نیوز) اسلامی تحریک مزاحمت (حماس) کے عسکری ونگ القسام بریگیڈز کے ترجمان ابو عبیدہ نے کہا ہے کہ جب تک غزہ میں قتل عام جاری ہے دشمن اپنے فوجیوں کی لاشیں (بقیہ 27 صفحہ 03)

موٹروے ایم ون پر تیز بارش، اسلام آباد سے رشکئی تک ٹریفک معطل

اسلام آباد (صباح نیوز) موٹروے ایم ون پر اسلام آباد ٹول پلازہ سے رشکئی انٹرچینج تک شدید بارش کے باعث ٹریفک کی روانی معطل ہو گئی۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق (بقیہ 28 صفحہ 03)

جی ایچ کیو حملہ کیس اور 9 مئی مقدمات کی سماعت 3 جولائی تک ملتوی

راولپنڈی (صباح نیوز) جی ایچ کیو حملہ کیس اور سانحہ 9 مئی کے دیگر مقدمات کی سماعت ملتوی کر دی گئی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ کے روبرو جی ایچ کیو حملہ کیس اور سانحہ 9 مئی کے دیگر مقدمات کی سماعت ہوئی تاہم کوئی کارروائی نہیں ہو سکی۔ سماعت کے موقع پر (بقیہ 30 صفحہ 03)

پاکستان بزنس فورم کے وفد کی گورنر پنجاب سے ملاقات

کاروباری برادری اور صوبائی حکومت کے درمیان تعاون پر زور

لاہور (صباح نیوز) پاکستان بزنس فورم کے وفد نے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر سے پنجاب ہاؤس میں ملاقات کی، جس کا مقصد صوبے سے متعلق اہم معاشی اور کاروباری ترقی کے امور پر تبادلہ خیال کرنا تھا۔ وفد میں پی بی ایف کے چیف آرگنائزر چوہدری احمد جواد، چیئرمین نارتھ پنجاب طارق (بقیہ 26 صفحہ 03)

پیپلز پارٹی ایک مضبوط قوت بن چکی ہے، عبدالحمید خان

سردار تنویر الیاس خان و دیگر کی پارٹی میں شمولیت انتہائی خوش آئند ہے

یعقوب خان و دیگر کی سیاسی بصیرت پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، سابق صدارتی مشیر

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) سابق وزیر اعظم سردار تنویر الیاس، مشیر حکومت سردار احمد صغیر، ممبر قانون ساز اسمبلی علی شان سونی و دیگر کا باضابطہ طور پر پاکستان پیپلز پارٹی میں شامل ہونے پر دل کی عمیق گہرائیوں سے پاکستان پیپلز پارٹی میں شامل ہونے پر سب کو خوش آمدید اور مبارکباد دیتے ہیں (بقیہ 29 صفحہ 03)

جہلم ویلی، گرڈ سٹیشن ہٹیاں بالا 72 گھنٹوں کیلئے بند

گرڈ سٹیشن بند ہونے سے سیکڑوں علاقوں کی بجلی منقطع رہے گی

چناری (صباح نیوز) جہلم ویلی میں گرڈ سٹیشن ہٹیاں بالا 72 گھنٹے کے لیے مکمل بند کر دیا گیا ہے۔ اس دوران نیوی ٹرانسفارمر کی تنصیب ہوگی، گرڈ سٹیشن ہٹیاں بالا بند ہونے سے سیکڑوں علاقوں کی بجلی منقطع رہے گی، محکمہ برقیات نے گرڈ سٹیشن ہٹیاں بالا سے منسلک جملہ صارفین (بقیہ 31 صفحہ 03)

سرینگر: بھارتی فوجی آپریشنز، 35 سالوں میں 96 ہزار کشمیری شہید

مقبوضہ کشمیر کے لوگوں کی زندگی 05 اگست 2019 کے بعد سے زندہ جہنم بن گئی، لوگوں کو شدید استحصال

بھارت عالمی سطح پر تسلیم شدہ متنازعہ خطے میں تشدد کو بطور ریاستی پالیسی مسلسل استعمال کر رہا ہے، خبر رساں ایجنسی کی رپورٹ

سری نگر (کے پی آئی) بھارتی فوج نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں اپنی ریاستی دہشت گردی کی مسلسل کارروائیوں کے دوران جنوری 1989 سے اب تک 96 ہزار 4 سو 53 کشمیریوں کو شہید کر دیا ہے۔ ان میں سے 7 ہزار 3 سو 92 کو دوران حراست اور جعلی مقابلوں میں شہید کیا گیا۔ بھارت عالمی سطح پر تسلیم شدہ متنازعہ خطے میں تشدد کو بطور ریاستی پالیسی مسلسل استعمال کر رہا ہے۔ جنوری 2001 سے اب تک فوجیوں اور پیرا ملٹری اہلکاروں کے ہاتھوں 688 خواتین شہید ہو چکی ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ اکثر کشمیری خواتین نفسیاتی مسائل اور ذہنی تناؤ کا شکار ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارتی (بقیہ 32 صفحہ 03)

UNIVERSITY OF POONCH RAWALAKOT

WALK-IN INTERVIEW

University of Poonch Rawalakot requires the services of suitable candidates on **Part-Time / Visiting basis** for the following department(s) / subject(s):

Sr. No.	Department / Subject	No. of Seats	Interview Date	Qualification Requirement
01	International Relations (IR)	01	30-06-2025 (09:30 a.m.)	MS/M.Phil degree in the relevant field (No 3rd division in academic career)
02	Commerce	01	30-06-2025 (10:30 a.m.)	Same as above
03	Business Administration	02	30-06-2025 (11:30 a.m.)	Same as above

Venue: Faculty of Management, Humanities & Social Sciences (Trar Campus)

General Instructions:

1. The candidates must bring original documents along with one attested copy of all educational Certificates/Degrees, CNIC, etc.
2. The terminal qualification of the candidate must be in the relevant subject/field.
3. The University reserves the right to cancel, partially or entirely, the advertised posts and/or increase or decrease the number of seats as deemed necessary.

DEAN
Faculty of Management, Humanities & Social Sciences
University of Poonch Rawalakot

اسلام آباد میں گاڑی پر کھمبا گرنے سے 2 افراد جاں بحق، 2 زخمی

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی دارالحکومت میں پیش آنے والے افسوسناک حادثے میں ایک گاڑی پر کھمبا گرنے سے دو افراد جاں بحق اور دو زخمی ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق واقعہ شہر کے معروف علاقے میں اس وقت پیش آیا جب ایک کھمبا اچانک گاڑی پر آ گرا۔ اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں اور زخمیوں کو فوری طبی امداد کے لیے قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا، جبکہ جاں بحق افراد کی لاشیں بھی اسپتال منتقل کی گئیں۔ پولیس (بقیہ 35 صفحہ 03)

شنگھائی تعاون تنظیم کا اجلاس، ہندوستان کو ہزیمت کا سامنا

بھارتی وزیر دفاع کی ریمارکس کا جواب دینے کیلئے استدعا مسترد

بیجنگ (صباح نیوز) شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس میں ہندوستان کو بار بار ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا۔ بھارتی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے پاکستانی ہم منصب خواجہ آصف کے ریمارکس (بقیہ 33 صفحہ 03)

شبیر شاہ نہایت علیل، رہا کیا جائے بیٹی سحر شبیر کی اپیل

عمر فاروق، سجاد لون، یوسف تاریگامی، فاروق عبداللہ و دیگر کا رہائی پر زور

نئی دہلی (صباح نیوز) نئی دہلی تہاڑ جیل میں قید ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی (بقیہ 34 صفحہ 03)

For DAILY KASHMIR DHARTI NEWS UPDATE
روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ
HD NEWS
FOLLOW US ON
Kashmir Dharti Digital
Dailydharti/facebook
Dailydharti/group
Dailydharti/twitter
Dailydharti/Instagram
Dailydharti/zoom

چیف ایڈیٹر و پبلشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com

بقیہ 1

جائے گا لیکن آج ٹھیک 8 مہینے 14 دن گزر چکے کوئی حل نہ ہو سکا بار بار یہی کہا جا رہا ہے کہ پل کی ڈرائنگ نہیں مکمل ہوئی ابھی۔۔ جناب وزیراعظم آپ کے پاس 15 دنوں کا ٹائم ہے 9 مہینے مکمل ہونے میں پل کی ڈرائنگ مکمل کر کے دیجئے گا ورنہ 9 مہینے مکمل ہونے کے بعد بڑا آپریشن پھر کوئی نالہ روڈ پر عوام کرے گی۔ اگر جولائی 11 تک ٹرائل مکمل روڈ کا ٹھیکہ نہ جاری کیا گیا اور روڈ پر کام نہ شروع کیا تو پھر 11 تاریخ کے بعد کوئی نالہ روڈ پر عوام مست قلندر ہوگا۔

بقیہ 2

خیبر پختونخوا نے اعظم سواتی کو کوہستان سکینڈل میں شامل ہونے کی ہدایت کی ہے، درخواست گزار کے خلاف 100 سے زائد مقدمات درج کئے گئے ہیں، نیب کا یہ نوٹس اسی کیس کا حصہ ہے جو پہلے سے درخواست گزار کے خلاف چل رہا ہے۔ اعظم سواتی کے وکیل نے موقف اپنایا کہ درخواست گزار کو جو نوٹس جاری ہوا ہے اس میں کوئی الزام عائد نہیں کیا گیا۔ جسٹس ارشد علی نے کہا کہ درخواست گزار انکوائری جوائن کریں، وکیل نے استدعا کی کہ درخواست گزار کے خلاف کوئی کارروائی نہ کی جائے، اس پر عدالت نے کہا کہ درخواست گزار کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جائے گی، تحقیقات جوائن کرے، نیب کوئی کارروائی نہیں کرے گی۔ عدالت نے 16 جولائی تک سماعت ملتوی کرتے ہوئے نیب خیبر پختونخوا سے جواب طلب کر لیا۔

بقیہ 3

قومی والی بال ٹیم کو میگا ایونٹ کے فائنل میں بحرین سے 25-23، 16-25، 17-25، 18-25 سے شکست ہوئی تھی جبکہ سیمی فائنل میں پاکستان نے قطر کو سیمی فائنل میں 3-0 سے شکست دی تھی۔

بقیہ 4

کے جھگڑے لین نکلنے کا آرڈر جاری ہے۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ خیبر پختونخوا اسمبلی سے بجٹ کے معاملے کو متنازعہ بنایا گیا بجٹ کو بانی پی ٹی آئی کی رضامندی سے مشروط کرنا خود ساختہ فیصلہ تھا۔

بقیہ 5

جلنے کی آواز سن کر تھو کے گھر والے اس کے کمرے میں پہنچے اور اسے مردہ پایا۔ حکام نے خودکشی کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ پولیس نے اس معاملے کی تفتیش شروع کر دی ہے۔ اس واقعے سے جنوری 2007 سے اب تک مقبوضہ جموں و کشمیر میں خودکشی کرنے والے بھارتی فوجیوں، پولیس اور وی ڈی جی اہلکاروں کی تعداد بڑھ کر 629 ہو گئی۔

بقیہ 6

پانچواں جہنا کھر، صدام حسین ایڈووکیٹ صدر لائرز فورم حلقہ پونچھ، وقاص جاوید جنرل سیکرٹری یوتھ کونسل پاچھیوٹ، سردار جہانگیر شاہ، انجینئر سردار عزیز اختر، راولاکوٹ حلقہ پانچ سے مشترکہ بیان میں کہا کہ ہم دل کی عمیق گہرائیوں سے پاکستان پیپلز پارٹی میں شامل ہونے پر سب کو خوش آمدید اور مبارکباد دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر امور کی انچارج میڈم فریال تالپور صاحبہ چوہدری محمد ریاض سینیئر رہنما پاکستان پیپلز پارٹی و سابق صدر ریاست و وزیراعظم و پارلیمانی لیڈر سردار محمد یعقوب خان کی بصیرت اور پارٹی کے لئے کاوش پر انہیں بھی دل کی عمیق گہرائیوں سے مبارکباد اور خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ مشترکہ بیان میں مزید کہا کہ استحکام پارٹی کے صدر و دیگر کا شامل ہونے سے پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر میں مضبوط ہوگی۔ خاص کر راولاکوٹ حلقہ پانچ میں پاکستان پیپلز پارٹی اب ناقابل تسخیر قوت بن جائے گی۔ ضلع پونچھ ڈویژن خاص کر آنے والے الیکشن میں کوئی بھی جماعت پاکستان پیپلز پارٹی کا مقابلہ ان شاء اللہ نہیں کر سکے گی۔

بقیہ 7

لاء اینڈ جسٹس کمیشن آف پاکستان (ایل جے سی پی) جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت سپریم کورٹ لاہور رجسٹری میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اس اجلاس کا مقصد بار ایسوسی ایشنز اور لاء کمیشن کے درمیان ادارہ جاتی روابط کا جائزہ لینا اور عدالتی نظام میں بہتری کے لیے باہمی تعاون کو فروغ دینا تھا۔ اجلاس میں جسٹس عالیہ نیلم، چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ، لاہور ہائی کورٹ کے رجسٹرار، لاء کمیشن آف پاکستان کے سیکرٹری، سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن، پاکستان بار کونسل، وزارت قانون و انصاف، اور حکومت پنجاب کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 8

کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔ زلزلے کا مرکز کراچی سے 24 کلومیٹر دور شمال مغرب میں تھا۔ زلزلے کے نتیجے میں کسی جانی یا مالی نقصان کی کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی

بقیہ 9

کہا کہ آج ہم اس عظیم شخصیت کو رخصت کرنے کے لیے یہاں جمع ہوئے ہیں، جو صرف ایک استاد نہیں، بلکہ ایک رہنما، ایک رہبر اور ایک مشفق والدین کی مانند شخصیت ہیں۔ سردار غلام مصطفیٰ خان نے اپنی زندگی کے قیمتی سال علم کی روشنی بانٹنے، بچوں کے دلوں میں سچائی، اخلاق اور علم کی بنیاد رکھنے میں صرف کیے۔ ایلمنٹری تعلیم وہ بنیاد ہے جس پر ایک طالب علم کی پوری تعلیمی عمارت کھڑی ہوتی ہے، اور سردار غلام مصطفیٰ خان نے اس بنیاد کو مضبوط اور پائیدار بنانے میں اپنا دل، دماغ اور وقت وقف کر دیا۔ انھوں نے نہ صرف کتابی علم سکھایا، بلکہ بچوں کو بولنا، سوچنا، سیکھنا اور ایک اچھا انسان بننا بھی سکھایا۔ ان کی کلاس روم ہمیشہ محبت، نظم و ضبط اور سیکھنے کی خوشبو سے بھری رہتی تھی۔ انھوں نے بے شمار طلبہ کے اندر خود اعتمادی پیدا کی، ان کی شخصیت کو نکھارا، اور انہیں آنے والے چیلنجز کا سامنا کرنے کے قابل بنایا۔ ایک نسل کو تعلیم دینا آسان نہیں ہوتا، مگر انھوں نے کئی نسلوں کو سنوارا۔ آج جب وہ تدریس کے شعبے سے باعزت ریٹائر ہو رہے ہیں، تو ہمارے دل خوشی اور اداسی کے ملے جلے جذبات سے بھرے ہوئے ہیں۔ خوشی اس بات کی کہ وہ ایک شاندار سفر مکمل کر چکے ہیں، اور اداسی اس بات کی کہ اب ہم روزانہ ان کی رہنمائی، مسکراہٹ اور خلوص سے محروم رہیں گے۔ ہم ان کی بے مثال خدمات، بے لوث محبت، اور تعلیمی دنیا میں کیے گئے ناقابل فراموش کردار پر ان کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو صحت مند، خوشحال اور باعزت زندگی عطا فرمائے، اور ان کی خدمات کا اجر انہیں دنیا و آخرت میں عطا کرے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سردار غلام مصطفیٰ خان نے تمام رفقاء کا شکریہ ادا کیا اور ان کی حوصلہ افزائی کو اپنے لیے ایک اعزاز اور قیمتی اثاثہ قرار دیا۔

بقیہ 10

بہاولنگر میں بارش کے باعث مکان کی چھت گرنے سے چار سالہ بچہ جاں بحق ہو گیا۔ چونیاں میں بھی چھت گرنے کے حادثے میں دو کمسن بچیاں زندگی کی بازی ہار گئیں، ملتان میں بوسن روڈ کے قریب آندھی سے گھر کی دیوار گرنے سے تین خواتین ملبے تلے دب کر زخمی ہو گئیں۔

بقیہ 11

میں جاری میجر لیگ (ایم ایل سی) کے دوران ایم آئی نیویارک کی نمائندگی کرتے ویسٹ انڈین بیٹر کیرون پولارڈ نے 700 ٹی 20 میچز کھیلنے کا منفرد ریکارڈ اپنے نام کیا۔ جارح مزاج ویسٹ انڈین بیٹر 700 ٹی 20 مقابلے کھیلنے والے دنیا کے پہلے کرکٹر بن گئے ہیں۔ انہوں نے ایم آئی نیویارک کی نمائندگی کرتے ہوئے سان فرانسسکو یونیکورنز کیخلاف 37 سالہ پولارڈ نے 16 گیندوں پر 34 رنز ناٹ آؤٹ بنانے کے علاوہ 2 وکٹیں بھی اڑائیں۔ پولارڈ اپنے 700 ویں ٹی 20 میچ کو یادگار نہیں بنا سکے کیونکہ ان کی ٹیم کو 246 رنز کے تعاقب میں 47 رنز سے شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

بقیہ 12

ترجمان نے بتایا کہ اس دوران سمارٹ آئی سافٹ ویئر کے ذریعے 22 ہزار سے زائد افراد کو چیک کیا گیا ہے۔ سمارٹ آئی سافٹ ویئر کے ذریعے 1889 سے زائد کار ریکارڈ چیک کیا گیا ہے۔ سمارٹ آئی کے ذریعے رواں ماہ 92 اشتہاری اور 41 عدالتی مفرور ملزمان گرفتار کیا گیا ہے۔ جبکہ دوران چیکنگ 239 افراد کے خلاف مختلف مقدمات میں کریمنل ریکارڈ ٹریس ہوئے ہیں۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ قانون شکن عناصر کی سرکوبی کے لئے کارروائیاں جاری ہیں۔ سی سی پی او لاہور نے پولیس افسران کو مساجد، امام بارگاہوں اور محرم کے جلوسوں کے روٹس سے ملحقہ علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر سرچ آپریشنز کرنے کی ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ سپروائزری افسران متعلقہ علاقوں میں امام بارگاہوں اور مساجد سمیت تمام اہم تنصیبات پر سکیورٹی انتظامات کا باقاعدگی سے جائزہ لیں

بقیہ 13

ٹیلر سے مختلف اہم امور پر تبادلہ خیال۔ دوران میٹنگ اسسٹنٹ ڈائریکٹر کمیشن TEVTA-AJK سردار اعجاز احمد بھی موجود تھے۔ چیئرمین نیوٹا آزاد کشمیر نے کہا ریاست کے نوجوانوں کو کامیاب بنانے میں TEVTA-AJK اپنا پورا کردار ادا کرے گا۔ اس موقع پر ولید یاسین نے اپنے ادارہ میں جاری جاپانیز لینگویج کورس اور ٹریننگ اور روزگار کے حصول کے حوالے سے اپنے ادارہ کی کامیابیوں اور کاوشوں کے بارے میں چیئرمین TEVTA-AJK کو تفصیلی بریف کیا۔ اس موقع پر ولید یاسین نے بتایا کہ اس وقت تک کوکیو جاپانیز لینگویج سکول اسلام آباد سے 4 نوجوان جاپانی زبان سیکھ کر روزگار کے سلسلے میں جاپان جا چکے ہیں، ہماری یہ کوشش ہے زیادہ سے زیادہ نوجوان لڑکے اور لڑکیوں جن کی عمر 18 سے 30 سال ہے انہیں جاپانی زبان سکھائیں اور جاپان بھیجیں، تاکہ ہمارے نوجوان مستقبل میں وطن کی خدمت کر سکیں۔ اس موقع پر ولید یاسین نے بتایا ہمارے ادارے میں تقریباً 80 سٹوڈنٹس زیر تعلیم ہیں اور جاپانی زبان سیکھ رہے ہیں۔ 13 نوجوان جو انٹرویو پاس کر چکے ہیں وہ اس وقت جاپان جانے کے لیے تیار ہیں۔ چیئرمین آزاد کشمیر نیوٹا نے کوکیو جاپانیز لینگویج اسکول کے ادارے کو خراج تحسین اور ان کی ٹیم کو بہترین کارکردگی اور نوجوانوں کو جاپان میں روزگار کے مواقع فراہم کرنے پر نیک خواہشات کا اظہار، آخر میں پرنسپل ادارہ نے چیئرمین TEVTA-AJK کو ادارہ کے وزٹ کی دعوت دی۔

بقیہ 14

سیکن کے مطابق پاکستان سپر لیگ کی فاتح ٹیم لاہور قلندرز اور بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز کوئٹہ کے اشتراک سے لڑکوں اور لڑکیوں کے کرکٹ ٹرائلز 30 جون تک کوئٹہ میں جاری رہیں گے جن میں بلوچستان کے مختلف اضلاع سے نوجوان لڑکے اور لڑکیاں شرکت کریں گے۔

بقیہ 15

تو بنگلہ دیش جائے گی، سیریز کا پہلا میچ 20 جولائی کو ڈھاکہ کے شیر بنگلہ نیشنل کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ دوسرا ٹی 20 انٹرنیشنل میچ 22 جولائی کو کھیلا جائے گا جبکہ سیریز کا تیسرا اور آخری میچ 24 جولائی کو ڈھاکہ میں ہوگا۔

بقیہ 16

سے انکار کر دیا۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق عثمان خواجہ نے غزہ کے حق میں بولنے کی وجہ سے صحافی کو نوکری سے نکالنے والے ادارے کو انٹرویو دینے سے منع کر دیا۔ عثمان خواجہ نے اس ادارے کا مائیک دیکھا تو انٹرویو دینے سے انکار کر دیا، انہوں نے انٹرویو کرنے والے صحافیوں سے معذرت بھی کی۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق اس عمل کے باوجود کرکٹ آسٹریلیا عثمان خواجہ پر پابندی نہیں لگائے گا۔ خیال رہے کہ آسٹریلوی ریڈیو نے غزہ کے حق میں بولنے کی وجہ سے معروف کرکٹ جرنلسٹ پیٹر لالر کو نوکری سے نکال دیا تھا، فروری میں صحافی پیٹر لالر نے غزہ کے لوگوں کے حق میں سوشل میڈیا پر بیان دیا تھا

بقیہ 17

یاسین ملک پہلے ہی بیمار ہیں، پاکستان کشمیریوں کا وکیل، سیاسی سفارتی حمایت کرتا ہے، حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ حریت رہنماؤں کی رہائی کے لیے عالمی انصاف عدالت میں اسیران کا مقدمہ لڑے، سفارتی سطح پر اپنا کردار ادا کرے۔ انہوں کہا کہ حریت کانفرنس کے چیئرمین مسرت عالم، شبیر احمد شاہ، یاسین ملک، آسیہ اندرابی، ڈاکٹر فیاض، نعیم خان، ظفر اکبر بٹ پر بھارتی حکومت نے جعلی مقدمات بنا کر جیلوں میں بند کر رکھا ہے، حکومت پاکستان ان جعلی مقدمات کو چیلنج کرے اور حریت رہنماؤں کو رہا کرائے، عالمی سطح پر اس مسئلہ کو اٹھایا جائے، بیمار قیدی رہنماؤں کے علاج کے لیے سہولتیں دینے کے بھارت پر دباؤ ڈالا جائے۔ محمد غالب نے کہا ہے بھارت انسانی حقوق کی جس طرح خلاف ورزیاں کر رہا ہے عالمی انسانی حقوق کی سرگرم تنظیموں کو اس کا نوٹس لینا چاہیے، مقبوضہ کشمیر میں داخلے پر عائد پابندیوں کو ختم کیا جائے، بھارت کے غیر قانونی اور غیر انسانی حربوں اور ہتھکنڈوں کو بند کرایا جائے۔

بقیہ 18

کشمیریوں کے ساتھ ان کی اپنی سرزمین پر ایسا سلوک، انسانی وقار کو چھین لیا گیا، دراصل یہ اس نظام اور ذہنیت کے لیے باعث شرم ہے جو مذہب اور علاقے کی بنیاد پر لوگوں کی تذلیل میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتا ہے۔ یہ پہلی بار نہیں ہے، ایک کو کوئی بھی اسی طرح کی بدسلوکی کے لیے بدنام ہے۔ حکمران اور منتخب نمائندے تمام ملوث پولیس اہلکاروں کو سزا دیں اور مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچائیں۔ یاد رہے کہ بھارتی فوج کے میجر گوگوئی نے ضلع بڈگام میں 9 اپریل 2017 کو مشتعل کشمیریوں کے پتھراؤ سے بچنے کیلئے ایک شہری فاروق احمد ڈار کو انسانی ڈھال کے طور پر استعمال کرتے ہوئے اپنی جیپ کے بونٹ سے باندھ کر گاؤں میں گھمایا تھا۔

بقیہ 19

ہسپتال کے باہر سڑکوں پر پریڈ کرائی۔ پولیس افسر نے دعویٰ کیا کہ اس شخص نے چند روز قبل ایک شخص کو لوٹا تھا۔ رواں ماہ جموں شہر میں یہ اس طرح کا دوسرا واقعہ ہے جب کسی شخص کو اس طرح کی صورتحال کا سامنا کرنا پڑا۔ اس سے قبل 11 جون کو جموں کے مضافات میں واقع تقسیل چوک میں فائرنگ کے ایک واقعے میں ملوث تین افراد کو گرفتار کر کے پولیس اسٹیشن لے جانے کے بعد عوام کے سامنے ان کی پٹائی کی گئی۔ دہلی ہائی کورٹ کے ایڈووکیٹ دیپا چھابڑا اور پرکاش شرما، پٹنہ ہائی کورٹ کے ایڈووکیٹ ریبر دینا، جموں و کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے ایڈووکیٹ آر کرشن گلوٹرا اور ابرار حسین اور وکلا لاویا بھٹ، رشوکا چودھری نے بھارتی قومی انسانی حقوق کمیشن میں اس واقعے پر شکایت درج کرائی ہے۔

بقیہ 20

بی بی کے خلاف 26 نومبر احتجاج کے 12 کیسز کی سماعت ہوئی، جس میں بشریٰ بی بی کی عدالتی ریکارڈ سے حاضری لگائی گئی۔ عدالت نے آئندہ تاریخ پر پولیس سے تمام مقدمات کے چالان طلب کرتے ہوئے کیس کی سماعت 10 جولائی تک ملتوی کر دی۔ عدالت نے بشریٰ بی بی کی 26 نومبر احتجاج کیسز میں عبوری ضمانت میں بھی توسیع کر دی اور آئندہ تاریخ پر فریقین کے وکلا کو دلائل پیش کرنے کا حکم دیا۔

بقیہ 21

کے خلاف ایک ہی اور [illegible] نظام لا کر رہیں گے اسلام آباد میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے طاہر کھوکھر نے کہا کہ اس وقت عوام مافیا اور موروثی سرمایہ داروں کے رحم و کرم پر ہیں، انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں موروثی سیاسی جماعتیں نظریات اور منشور سے ہٹ چکی ہیں، سیاسی جماعتوں کا کردار اب سرمایہ دارانہ بن چکا ہے سیاسی جماعتوں میں سرمایہ داروں کو شامل کیا جا رہا ہے تاکہ انتخابات کو خریدا جا سکے اب نظریات ان موروثی سیاسی جماعتوں نے دفن کر دیئے ہیں جس طرح سرمایہ دارانہ نظام چل چکا ہے عوام کا اللہ حافظ ہے عوام کو اپنی تقدیر کا فیصلہ خود کرنا ہوگا حکومتوں نے آزاد کشمیر کے عوام کو صرف غربت مہنگائی بے روزگاری اور محرومی دی نظریات دفن ہو چکے ہیں اور سیاست سرمایہ داری کے گرد گھوم رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتوں نے صرف مایوسی دی ریاست وہیں کی وہیں کھڑی ہے ریاست کے عوام کو محرومی، غربت مہنگائی اور بے روزگاری کے سوا کچھ نہیں ملا ریاستی ترقی رک چکی ہے ادارے مفلوج ہو چکے ہیں اور نوجوان بے سمت ہو چکے ہیں

بقیہ 22

ناہیدہ نسرین، ایاز محمد ایر سمیت پانچ ہزار سے زائد کشمیری جھوٹے مقدمات میں کالے قوانین کے تحت جیلوں اور عقوبت خانوں میں بند ہیں۔ ان قیدیوں میں پیر سیف اللہ، راجہ معراج الدین کلوال، شاہد الاسلام، فاروق احمد ڈار، مشتاق الاسلام، سید شاہد یوسف شاہ، سید شکیل یوسف شاہ، بلال صدیقی، مولوی بشیر عرفانی، عبدالاحد پرہ، فردوس احمد شاہ، نور محمد فیاض، امیر حمزہ، حیات احمد بٹ، شوکت حکیم، ظفر اکبر بٹ، ایڈووکیٹ زاہد علی، ڈاکٹر محمد قاسم فکتو، ڈاکٹر محمد شفیع شریعتی، محمود ٹوپی والا، غلام قادر بٹ، رفیق احمد گنائی، عمر عادل ڈار، سلیم ننجی، محمد یاسین بٹ، فیاض حسین جعفری، عادل سراج زرگر، داؤد زرگر، اعجاز احمد، عرفان احمد، عرفان بٹ، ڈاکٹر محمد شفیع شریعتی، انسانی حقوق کے محافظ خرم پرویز، محمد احسن اونتو، صحافی، عرفان مجید، تاجر ظہور وٹالی شامل ہیں

بقیہ 23

کارروائی کی۔ اس دوران فورسز سے جھڑپ میں ایک خارجی ہلاک، 3 زخمی ہو گئے، بازیابی کے بعد اکاؤنٹ آفس کے سپرنٹنڈنٹ دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔ تینوں افراد کو ڈیرہ اسماعیل خان سے ٹانک آتے ہوئے اغوا کیا گیا تھا، بازیاب ہونے والوں میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عمران، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفس میں تعینات سپرنٹنڈنٹ نوید اور کلرک عنایت شامل تھے۔ بازیابی کے بعد سپرنٹنڈنٹ نوید ظفر دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے، جن کی میت تدفین کے لیے آبائی علاقے کو روانہ کر دی گئی۔

بقیہ 24

انہوں نے کہا کہ یہ حکمران دل بہلانے کے لئے جو چاہیں کر لیں، مگر حقیقت سے چشم پوشی نہ کریں۔ صوبائی مشیر اطلاعات نے کہا کہ عوام عمران خان کو مائنس کرنے کے بجائے پلس کر رہے ہیں، قید میں ہونے کے باوجود بانی پی ٹی آئی جعلی حکمرانوں کے اعصاب پر سوار ہیں، حکمران عمران خان کی وجہ سے شدید ذہنی دباؤ کا شکار ہیں۔

بقیہ 25

لئے اہم عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سردار عامر الطاف خان نے کہا کہ مسلم لیگ ن کے وزراء اور ایم ایل ایز کی کارکردگی سب پر بھاری ہے ہم نے حکومت میں آ کر عوامی فلاح و بہبود کو ترجیح دی ترقیاتی منصوبے عوامی ضروریات کے مطابق بنائے ہماری جماعت کا کام ریاست میں نمایاں ہے اور یہی وجہ ہے کہ آج بھی عوام ہماری جماعت مسلم لیگ ن سے وابستہ ہیں ریاست کو ایک مضبوط اور خوشحال خطہ بنانے کے لیے ہم نے عزم کر رکھا ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے دن رات کام کر رہے ہیں۔ سردار عامر الطاف خان نے کہا کہ جس طرح پاکستان اور پنجاب کو مسلم لیگ ن نے بدل کر رکھا اسی طرز پر آزاد کشمیر میں بھی عوام کے لیے ایسے منصوبے لائے جائیں گے جن سے لوگوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی آئے گی ہم چاہتے ہیں کہ عوام کو ان کے مسائل کا حل ان کے دروازے پر میسر ہو اور انہیں خوشحال با اختیار اور محفوظ مستقبل فراہم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن ریاست کے عوام کی مضبوط اور جاندار آواز ہے اور آئندہ بھی عوامی خدمت کے سفر کو پوری قوت سے جاری رکھا جائے گا سردار عامر الطاف نے کہا ہم نے ریاست اور عوام کو ترقی دی عوامی مسائل پر صرف نعرے نہیں، عملی اقدامات سے مسلم لیگ ن کی کارکردگی ہی ہماری اصل پہچان ہے مسلم لیگ ن عوام کے مسائل جڑ سے ختم کرنا چاہتی ہے تعلیم صحت روزگار اور انفراسٹرکچر جیسے شعبوں میں ہم نے عملی منصوبے دیے ہیں ہم صرف وعدے نہیں کرتے بلکہ ان پر عمل کر کے دکھاتے ہیں ہم عوام جانتے ہیں کہ ریاست کو ترقی کی راہ پر صرف مسلم لیگ ن ہی گامزن کر سکتی ہے کشمیر کو ایک مضبوط خوشحال اور خود کفیل ریاست بنانا چاہتی ہے یہ ہمارا مشن ہے جس کے لیے ہم دن رات کام کر رہے ہیں۔

بقیہ 26

گو جدون، صدر لاہور ساجد میر، ایڈیشنل سیکرٹری جنرل سنٹرل پنجاب حسن رضا، نائب صدر وارڈ علی رضا اور وقار خان، اور گورنر کے سیاسی مشیر عرفان سلیم شامل تھے۔ ملاقات کے دوران کاروباری برادری اور صوبائی حکومت کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنانے، سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری ماحول کی بہتری، اور پنجاب میں جاری اقتصادی اصلاحات کی حمایت جیسے اہم نکات پر گفتگو کی گئی۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے معیشت کی ترقی میں نجی شعبے کے کردار کو سراہا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت ایسی پالیسیاں اپنائے گی جو صوبے میں پائیدار کاروباری ترقی کو فروغ دیں۔ انہوں نے سیاسی استحکام کو معاشی استحکام کے لیے ناگزیر قرار دیا اور ان تمام کاروباری افراد کو خراج تحسین پیش کیا جو تمام تر مشکلات کے باوجود ملک میں اپنے کاروبار جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہیں۔ صدر لاہور ساجد عزیز میر نے اس موقع پر کہا کہ حالیہ برسوں میں پاکستان نے تجارت اور درآمدات کے شعبے میں جدیدیت کے نام پر کئی اصلاحات متعارف کروائی ہیں، جن میں دسمبر 2024 میں نافذ کیا گیا "فیس لیس کسٹمز اسیسمنٹ سسٹم" قابل ذکر ہے۔ اس نظام کا مقصد کرپشن کا خاتمہ، شفافیت میں اضافہ، اور کلیئرنس کا عمل تیز کرنا تھا، لیکن عملی طور پر اس نے درآمد کنندگان کے لیے سنگین مسائل پیدا کیے ہیں اور ملک کی معیشت، تجارت اور سرمایہ کاری کو نقصان پہنچایا ہے۔ اس سسٹم میں درآمد کنندگان اور کسٹمز اہلکاروں کے درمیان براہ راست رابطہ ختم کر دیا گیا ہے، اور آن لائن پلیٹ فارم کے ذریعے ویلیوایشن اور دستاویزات کی جانچ ہوتی ہے

بقیہ 27

اٹھانا ہے کہ ابو عبیدہ نے ٹیلیگرام پر جاری بیان میں کہا کہ ہمارے مجاہدین بہادری اور حوصلے کی بے مثال مثالیں پیش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ حملے جو دشمن فوجیوں کے خلاف انجام دیے گئے، تاریخ کے زندہ اور روشن لمحات ہیں جو ثابت کرتے ہیں کہ ہمارے مجاہدین جدید دور کے سب سے زیادہ دلیر اور فداکار مجاہدین ہیں۔ القسام کے ترجمان نے واضح کیا کہ قابض حکومت اپنی عوام کو دھوکہ دے رہی ہے اور حقیقت کو نظر انداز کر رہی ہے کہ وہ اپنے فوجیوں کو سیاسی مقاصد کے لئے غزہ کے خون کی دلدل میں دھکیل رہی ہے۔

بقیہ 28

تیز بارش اور لینڈ سلائیڈنگ کے سبب حادثات کے خدشے کے پیش نظر مسافر گاڑیوں کا داخلہ وقتی طور پر بند کر دیا گیا۔ پولیس حکام نے کہا کہ موٹروے پر سفر کرنے والے مسافروں کو ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ موسم کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے غیر ضروری سفر سے گریز کریں۔ موٹروے پولیس نے ہیلپ لائن 130 پر رابطے میں رہنے اور متبادل راستے اختیار کرنے کی بھی اپیل کی ہے۔ بارش کا سلسلہ وقفے وقفے سے جاری رہا تو حالات معمول پر آنے تک داخلہ بند رہے گا۔

بقیہ 29

ان خیالات کا اظہار سابق صدارتی مشیر سردار عبدالحمید خان نے اپنے ایک بیان میں کیا، انہوں نے کہا کہ کشمیر امور کی انچارج میڈم فریال تالپور صاحبہ، چوہدری محمد ریاض سینیئر رہنما پاکستان پیپلز پارٹی و سابق صدر ریاست و وزیراعظم و پارلیمانی لیڈر سردار محمد یعقوب خان کی بصیرت اور پارٹی کے لئے کاوش پر انہیں بھی دل کی عمیق گہرائیوں سے مبارکباد اور خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ استحکام پارٹی کے صدر و دیگر کا شامل ہونے سے پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر میں مضبوط ہوگی۔

بقیہ 30

شیخ رشید، زرتاج گل، راجہ بشارت، ایمان طاہر عدالت میں پیش ہوئے۔ بعد ازاں عدالت نے جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت 3 جولائی تک ملتوی کر دی۔ آج مقدمہ کی جیل ٹرائل نہیں ہو سکا۔ عدالت نے کہا کہ آئندہ سماعت اڈیالہ جیل میں ہوگی۔ ساتھ 9 مئی کے دیگر 11 کیسز میں بھی کوئی کارروائی نہیں ہوسکی اور عدالت نے ان مقدمات کی سماعت بھی 3 جولائی تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 31

[illegible] آگاہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق جہلم ویلی بھر میں نا قابل برداشت لوڈشیڈنگ اور کم وولٹیج کے مسئلہ کو دور کرنے کے لیے تیس کروڑ روپے سے زائد مالیت کے ٹرانسفارمر کی تنصیب کا کام 28 جون صبح سات بجے شروع کیا جائے گا جس کی تکمیل تین روز رات گئے تک متوقع ہے۔ محکمہ برقیات اپر ڈویژن جہلم ویلی کے بڑیل علاقہ جات ہٹیاں بالا، لانگلہ، سری، بکار، کھاوڑہ، دھنی، بجلاں، گیلا دامن، بنی، لگڑیال، چناری، چکوٹھی، سراں، چھلیاں، بھاکسر، اسلام آباد، کھٹائی، لوہیرہ، کائی منجہ، [illegible] میراں سمیت ملحقہ سیکڑوں علاقے جہاں شٹ ڈاؤن متاثر ہوں گے۔ ایکسین برقیات جہلم ویلی احتشام قریشی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نئے پاور ٹرانسفارمر کی تنصیب سے جہلم ویلی بھر میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا خاتمہ اور کم وولٹیج میں بہتری آئے گی صارفین سے التماس ہے کہ دوران شٹ ڈاؤن محکمہ برقیات سے تعاون کریں، تاکہ آنے والے روز کی لوڈشیڈنگ اور کم وولٹیج کے مسئلہ سے صارفین کی جان چھوٹ جائے گی۔ گرڈ سٹیشن کی بندش 28 جون صبح سات بجے شروع ہو گی ان شاء اللہ یکم جولائی تک گرڈ سٹیشن مکمل طور پر بحال کر دیا جائے گا۔

بقیہ 32

فوجیوں اور پولیس اہلکاروں نے 1989 سے اب تک محاصروں اور تلاشی کی کارروائیوں کے دوران خواتین اور بچوں سمیت 1 لاکھ 76 ہزار 4 سو 50 کشمیریوں کو گرفتار کیا۔ گرفتار افراد کو مختلف تفتیشی مراکز، تھانوں اور جیلوں میں جسمانی اور ذہنی تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ تاہم بعض بھارتی فورسز اہلکاروں نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں بیگناہ لوگوں پر تشدد کا وطیرہ بنا لیا ہے۔ بھارتی فوج، پیرا ملٹری، سپیشل آپریشن گروپ، نیشنل انویسٹی گیشن ایجنسی اور سٹیٹ انویسٹی گیشن ایجنسی نے مقبوضہ کشمیر میں متعدد عقوبت خانے قائم کر رکھے ہیں جہاں معلومات اور اعترافی بیانات حاصل کرنے کے لیے کشمیریوں کو وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ کارگو، ہری نواس، پاپا 1، پاپا 2 بدنام زمانہ تفتیشی مراکز ہیں جہاں پوچھ گچھ کے دوران شدید تشدد کے باعث ہزاروں کشمیری اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ مقبوضہ کشمیر کے لوگوں کی زندگی 05 اگست 2019 کے بعد سے ایک زندہ جہنم بن چکی ہے جب ہندوتوا بی جے پی بھارتی حکومت نے بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت منسوخ کر دی تھی۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ بھارت نے جموں و کشمیر پر اپنے غیر قانونی تسلط کو برقرار رکھنے کیلئے علاقے میں 10 لاکھ سے زائد فورسز اہلکار تعینات کر رکھے ہیں۔

بقیہ 33

کا جواب دینے کیلئے وقت مانگا تو ان کی استدعا کو مسترد کر دیا گیا۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے جعفر ایکسپریس پر حملے سمیت پاکستان میں دہشت گردی اور عسکریت پسندی کو بھی خطاب کا حصہ بنایا۔ بھارتی وزیر دفاع اور ان کے وفد نے اس پر احتجاج کیا اور مشترکہ اعلامیہ پر دستخط نہیں کئے۔ ایس سی او کے ارکان ایک جانب جبکہ بھارت تنہا رہا۔ پاکستانی وزیر دفاع کو یہ فائدہ ہوا کہ [illegible] نمبر پانچ جبکہ بھارتی وزیر دفاع نمبر دو پر تھے۔ مشترکہ اعلامیے میں بھی بھارت پہلگام واقعہ کو پاکستان سے جوڑنے میں ناکام ہوا اور اس معاملے پر بھی سفارتی طور پر بالکل تنہا نظر آیا۔ کسی رکن ملک نے بھارت کا ساتھ نہیں دیا۔ ایران اسرائیل جارحیت کی تمام رکن ممالک نے مذمت کی جبکہ بھارت کا نکتہ نظر مختلف تھا۔ شنگھائی تعاون تنظیم کے اعلامیے سے واضح ہے کہ بھارت سفارتی طور پر تنہائی کا شکار ہو گیا ہے۔

بقیہ 34

جموں و کشمیر کے سربراہ شبیر احمد شاہ نہایت علیل ہو چکے ہیں۔ متعدد عارضوں میں مبتلا شبیر شاہ کو 2017 میں سری نگر سے گرفتار کر کے تہاڑ جیل بھیج دیا گیا تھا شبیر احمد شاہ کی بیٹی سحر شبیر شاہ نے سوشل میڈیا پر ان کے مناسب علاج اور خاندان کو ان تک رسائی کی اپیل کی ہے جس کے بعد کئی سیاسی رہنماؤں نے بھارتی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ شاہ کو انسانی بنیادوں پر رہا کر دیا جائے۔ سحر نے سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو اپ لوڈ کی جس میں انھوں نے بتایا، پچھلے دو سال سے ایک فون کال بھی کرنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ وہ شدید بیمار ہیں، کئی سرجریاں تجویز کی گئی ہیں، لیکن نہ مناسب علاج دستیاب ہے اور نہ میڈیکل ریکارڈز تک رسائی۔ انہوں نے اپنی اپیل کو ایک بیٹی کی فریاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ کوئی سیاسی بیان نہیں نہ ہی کوئی قوم دشمن بات ہے، یہ انصاف، ہمدردی اور بنیادی انسانی اقدار کی پاسداری کے لیے ایک فوری اپیل ہے۔ ان کا کہنا تھا اگر آپ کا دل ابھی بھی دھڑکتا ہے تو میری بات سنیں، کیونکہ اس بار بھی خاموشی جیت گئی تو یاد رکھیں، آپ کو بتایا گیا تھا آپ جانتے تھے اور آپ نے پھر بھی آنکھیں چرا لیں۔ شبیر شاہ کے اہل خانہ کا کہنا ہے کہ ڈاکٹروں نے انہیں بتایا ہے کہ ابتدائی تشخیص سے پتہ چلا ہے کہ وہ کینسر میں مبتلا ہیں اور انہیں فوری علاج کی ضرورت ہے۔ مقبوضہ کشمیر کے سابق وزیراعلیٰ فاروق عبداللہ نے انڈین حکومت پر زور دیا کہ اگر شبیر شاہ کو کوئی لاعلاج بیماری لاحق ہے تو انہیں جیل سے رہا کر دیا جائے تاکہ اس مشکل گھڑی میں ان کا خاندان ان کا خیال رکھ سکے۔ اگر شبیر شاہ کو جیل میں کچھ ہو گیا تو کشمیر میں ایک نیا تنازع ہوگا۔

بقیہ 35

اور ضلعی حکام نے موقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کرنا شروع کر دیئے ہیں، جبکہ حادثے کی وجہ جاننے کے لیے ابتدائی تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 36

و سیشن جج / جج فیملی کورٹ راولاکوٹ، راجہ محمد ریاض شیخ، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ سیشن جج حال ایڈیشنل رجسٹرار عدالت عالیہ کو تبدیل کر کے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن جج / جج فیملی کورٹ جہلم ویلی، محمد شہزاد، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن جج حال حاضر عدالت عالیہ کو تبدیل کر کے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن جج عباسپور، سردار شاہ زمان، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ سیشن جج / جج فیملی کورٹ جہلم ویلی کو تبدیل کر کے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن جج / فیملی جج بھمبر تعینات کیا گیا ہے، اسی طرح اکرام ملک، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن جج راولاکوٹ کو تبدیل کر کے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن جج دھیرکوٹ، خالد حسین ثاقب، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن جج "عباسپور" کو تبدیل کر کے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ سیشن جج سہنسہ، محمد فاروق رشید، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ سیشن جج میرپور کو تبدیل کر کے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن جج "ڈڈیال، آفتاب طارق میر، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ سیشن جج سہنسہ" کو تبدیل کر کے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن جج مظفرآباد، چوہدری محمد اسلم، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ سیشن جج / جج فیملی کورٹ بھمبر کو تبدیل کر کے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ سیشن جج / جج فیملی کورٹ "باغ، جلیل نذر، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن جج دھیرکوٹ کو تبدیل کر کے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن جج میرپور، وقاص اشرف، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ سیشن جج ڈڈیال کو تبدیل کر کے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن جج / جج فیملی کورٹ میرپور تعینات کیا گیا ہے۔ تبدیل و تعینات ہونے والے آفیسران کو وہی اختیارات حاصل ہوں گے جو ان کے سابقہ پیش رو آفیسران کو حاصل تھے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق آفیسران مذکورہ بالا اندر 03 ایام اپنی نئی جائے تعیناتی پر حاضر ہونے کے پابند ہوں گے جو فوری نافذ العمل ہوگا۔

بقیہ 37

یہ سوشل میڈیا پلیٹ فارم بھی جعلی اطلاعات آپ تک ضرور پہنچاتا ہے جو کسی ذرائع سے آپ کو [illegible]۔ میں ریاست کا وزیراعظم ہوں لیکن میرے لیے بھی آئیڈیل اپوزیشن نہیں ہے، جس شدت سے میری مخالفت کی گئی ہے میں اللہ پاک کا کروڑ ہا شکر کرتا ہوں کہ مخالفت بھی اس شخص کی کی جاتی ہے جو "سٹیٹس کو" کو توڑے اور جعلی اور خود ساختہ مفادات کو نقصان پہنچانے کا باعث بنے، سرجیکل انٹروینشن سے چیزیں ٹھیک کی ہیں، جتنا مختصر سا میرا وقت تھا اور جب تک اللہ نے چاہا ہے کام، جس قدر نظام میں زوال میں نے دیکھا اس کے آگے بند باندھنے کی کوشش کی، جب وزیراعظم نہیں رہوں گا تو لوگ میری حکومت کا ماضی کی حکومتوں سے تقابلی موازنہ ضرور کریں گے، ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ جو اختیار اللہ تعالیٰ نے دیا ہے اور جس کی جوابدہی میں نے مالک الملک کے سامنے کرنی ہے اس کا استعمال اس طرح کیا جائے کہ لوگوں کی امید جو ایک بار مر چکی تھی اس کو ایک بار زندہ اور بحال کیا جائے، اس کی چھوٹی سی مثال آپ کو دیتا ہوں کہ 3000 ہزار لوگوں نے این ٹی ایس پاس کیا اور اس حوالے سے آپ نے پی آئی ڈی کی [illegible] بچے بچیوں کے انٹرویو بھی سنے ہوں گے جبکہ ان انٹرویو میں ایک جملہ سن کر مجھے شدید ڈپریشن بھی ہوا اور خوشی بھی ہوئی کہ "ہماری تو نسلوں میں سے بھی کوئی بھرتی نہیں ہو سکتا تھا اگر این ٹی ایس کا یہ نظام نہ ہوتا" اب نظام کے منہ پر یہ بڑا طمانچہ ہے، کیا ریاست صرف ان کی ہے جن کی کا آپ رونا ہے؟ جب معاشرہ اس قدر ناانصافی کا شکار ہو جاتے ہیں تو پھر ردعمل اندر سے ابھرتا ہے، کل مجھے دلی اطمینان ہوا کہ جب میں نے پی ایس سی کا رزلٹ دیکھا اور میرپور کا ایک بیٹا کانسٹیبل جس نے 3 بار پی ایس سی ایگزام پہلے دیے اور چوتھی بار اس نے یہ امتحان پاس کر لیا

بقیہ 38

لی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا گیا بلکہ اندرونی سطح پر دہشتگردی کے منصوبے بھی ناکام بنائے گئے۔ انہوں نے افواج پاکستان، پولیس اور دیگر اداروں کو مبارکباد پیش کی اور ان کی خدمات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ فورم کا مقصد ڈویژن میں عوامی خدمت کو مؤثر بنانے کے لیے اقدامات کا جائزہ لینا اور مستقبل کے چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کے لیے لائحہ عمل ترتیب دینا ہے۔ اداروں کی مشترکہ کاوشوں سے ہی عوامی خدمت کو مزید بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے ترقیاتی منصوبہ جات کی بروقت تکمیل پر زور دیتے ہوئے کہا کہ حکومت نے منصوبہ جات کے لیے فنڈز مہیا کیے ہیں محکمہ جات عوامی سہولیات کے منصوبوں کو مکمل کریں تاکہ لوگوں کو سہولیات میسر ہوں۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس نے ریاست کے اندر دہشتگردی کا منصوبہ ناکام بنانے پر پولیس اور انٹیلیجنس اداروں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بروقت انٹیلیجنس شیئرنگ اور پولیس کی فوری کارروائی کی بدولت، ریاست کسی بڑے سانحے سے محفوظ رہی۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر پولیس کے خلاف منفی پروپیگنڈا کو افسوسناک قرار دیا۔ اعلیٰ عسکری حکام نے اجلاس میں ہندوستانی جارحیت کے خلاف عوام اور سول انتظامیہ کے جذبے کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے پولیس کی کارکردگی اور شہداء کی قربانیوں کو سراہا۔ اجلاس میں شریک ڈپٹی کمشنرز اور سپرنٹنڈنٹ پولیس نے اپنے اضلاع میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاسوں، ترقیاتی منصوبہ جات، عوامی فلاحی اقدامات اور درپیش چیلنجز پر فورم کو تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے تعطل کا شکار ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور مستقبل کی ضروریات سے بھی آگاہ کیا۔ محرم الحرام کے دوران سیکورٹی انتظامات پر بھی فورم کو بریفنگ دی گئی۔ کمانڈنٹ سی ایم ایچ راولاکوٹ نے ہسپتال میں دستیاب طبی سہولیات اور مسائل پر روشنی ڈالی۔ ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز ڈاکٹر فاروق نے حکومت آزاد کشمیر کی جانب سے صحت کی سہولیات میں بہتری لانے کے لیے کیے گئے اقدامات اور مستقبل کے منصوبہ جات پر فورم کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ حکومت نے صحت کا بجٹ بڑھا دیا ہے جس کا فائدہ ریاست کے عوام کو ہوگا۔ چیف انجینئر شاہرات و برقیات نے جاری ترقیاتی منصوبوں کی تفصیلات سے فورم کو آگاہ کیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تمام اضلاع میں نیشنل ایکشن پلان پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا اور ریاست کے پرامن ماحول کو خراب کرنے اور دہشتگردی کے منصوبے بنانے والوں اور ان کے سہولت کاروں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ اجلاس میں اس بات کا بھی فیصلہ کیا گیا کہ عوامی سہولیات کی فراہمی، بجلی کی بلا تعطل ترسیل، سڑکوں کی بہتری، صحت و سیاحت کے فروغ کے لیے اعلیٰ حکام کو تجاویز بھیجی جائیں گی تاکہ لوگوں کو درپیش مسائل میں کمی لائی جا سکے۔ اجلاس میں آپریشن بنیان مرصوص میں شہید ہونے والوں اور دہشتگردوں کے مقابلے میں شہادت کا رتبہ پانے والے پولیس کے جوانوں کے لیے فاتحہ اور خصوصی دعا کی گئی

بقیہ 39

وزیر داخلہ کے سندھ طاس معاہدے کی بحالی کسی طور برداشت نہ کرنے کے متعلق بیان کی مذمت کرتے ہوئے واضح کرتا ہے کہ انتہا پسند مودی حکومت کے وزیر داخلہ کا یہ بیان بین الاقوامی معاہدوں کی حرمت کی کھلی خلاف ورزی اور تحقیر کا مظاہرہ ہے۔ سندھ طاس معاہدہ ایک بین الاقوامی معاہدہ ہے، جس کا ضامن ایک بین الاقوامی ادارہ ہے۔ اس طرح کا بیان ریاست ہندوستان کی سنجیدگی پر سوال اٹھاتا ہے جو کھلے عام اپنے قانونی وعدوں سے انحراف کرتی ہے۔

بقیہ 40

منظوری دے دی ہے جبکہ تحت فنانس ایکٹ منظوری ہونی ہے

بقیہ 41

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ تمام ضروری اقدامات اور فیصلے باہمی مشاورت سے کئے جائیں گے۔ وفاق صوبوں، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور اسلام آباد میں قیام امن کیلئے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ کسی کو بھی اشتعال انگیزی اور فرقہ پرستی کی اجازت ہرگز نہیں دی جائے گی، محرم الحرام کے دوران ضابطہ اخلاق کی سختی سے پابندی کرائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ جلوسوں و مجالس کی جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے نگرانی کو یقینی بنایا جائے گا۔ پنجاب، خیبر پختونخوا، سندھ، بلوچستان، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور اسلام آباد کے آئی جیز پولیس اور سیکرٹریز داخلہ نے محرم الحرام سکیورٹی پلان پر بریفنگ دی۔ وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری، وفاقی سیکرٹری داخلہ، قائمقام چیئرمین سی ڈی اے، کمانڈنٹ فرنٹیئر کانسٹیبلری، ڈی سی اسلام آباد، ڈی آئی جی اسلام آباد پولیس، وزارت داخلہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اعلیٰ حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔ تمام صوبوں، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان کے آئی جیز پولیس، سیکرٹریز داخلہ، ڈی جی رینجرز پنجاب، ڈی جی رینجرز سندھ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اعلیٰ حکام وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے۔

بقیہ 42

حمایت یافتہ غزہ ہیومینیٹیرین فاؤنڈیشن (جی ایچ ایف) کے چار ہفتے قبل کام شروع کرنے کے بعد سے اب تک کم از کم 549 فلسطینی امداد حاصل کرنے کی کوشش کے دوران شہید ہو چکے ہیں۔ غزہ کی حکومتی اتھارٹی کے جاری کردہ بیان کے مطابق، امدادی مراکز پر امداد کے حصول کے منتظر فلسطینیوں پر ہونے والے حملوں کے نتیجے میں 4066 افراد زخمی اور 39 افراد لاپتا ہو چکے ہیں۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ ان نام نہاد امدادی مراکز پر جو کچھ ہو رہا ہے، وہ مکمل طور پر جنگی جرم ہے، جس کی براہ راست اور بنیادی ذمہ داری اسرائیلی قابض قوت پر عائد ہوتی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ہم اس جاری جرم کی شدید مذمت کرتے ہیں، جہاں بھوک کے شکار شہریوں کو جان بوجھ کر امداد کے نام پر بلایا جاتا ہے اور پھر منظم اور منصوبہ بند طریقے سے انہیں روزانہ کی بنیاد پر گولیوں کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ مزید کہا گیا کہ قابض اسرائیل دراصل خوراک کو ایک جنگی ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہی ہے، اور جسے وہ امداد قرار دے رہی ہے، اسے جان لینے اور قتل کا ذریعہ بنا دیا گیا ہے۔

بقیہ 43

شنگھائی تعاون تنظیم کے وزرائے دفاع کا اجلاس ہوا جس میں کانفرنس کے مشترکہ اعلامیہ کو دیکھ کر بھارتی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ ناراض ہو گئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے ایس سی او کانفرنس کے مشترکہ اعلامیے پر دستخط سے انکار کر دیا۔ بھارتی میڈیا کا کہنا ہے کہ ایس سی او مشترکہ اعلامیے میں پہلگام واقعے کا ذکر نہیں تھا جس پر وزیر دفاع راج ناتھ نے دستخط سے انکار کیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ایس سی او مشترکہ اعلامیے میں بھارت پر بلوچستان میں بالواسطہ بدامنی پھیلانے کا الزام بھی لگایا گیا۔

بقیہ 44

بچایا جائے وزیر داخلہ کرنل ریٹائرڈ وقار نور نے یقین دلایا کہ تفاوت دور کریں گے پہلے بھی پولیس ڈیپارٹمنٹ کو سہولیات فنڈز دیے گئے ہیں مزید کے لئے سمری ارسال کر دی ہے اس بار بھی تفاوت دور کریں گے

بقیہ 45

پی ایچ ڈی پروگرام میں مزید بہتری لا سکتے ہیں اور اہم شعبوں میں باہر سے آنے والے پیشہ ور افراد کی بڑھتی ہوئی مانگ کو پورا کرنے میں سودمند ثابت ہوں گے۔ اس سلسلے میں انہوں نے رجسٹرار و ڈین بیسک اینڈ اپلائیڈ سائنسز، پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف کے تعاون پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 46

خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان نے بھرپور اور مستقل انداز میں ایران کی حمایت کی ہے۔ ایران نے پاکستان کا کھلے دل سے شکریہ ادا کیا، ایران نے صدر آصف علی زرداری، میرا اور فیلڈ مارشل کا نام لے کر شکریہ ادا کیا۔ ایران کی پاکستان کی سیاسی، عسکری قیادت اور عوام کی تعریف کی، پوری دنیا میں مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ امریکی صدر نے فیلڈ مارشل کی کھلے دل سے تعریف کی، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی صلاحیتوں کے معترف ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ بجٹ پر بہت محنت کی گئی، وزیر خزانہ اور پوری ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہیں، اس مرتبہ ایوان میں حکومتی ارکان کی تعداد قابل اطمینان ہے، نائب وزیراعظم اور حلیف جماعتوں کی بجٹ میں کاوشیں قابل ستائش ہیں، صدر مملکت آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو زرداری کا بھی شکر گزار ہوں، بجٹ کی منظوری کیلئے تمام ارکان بہترین انداز میں کام کریں، منظوری کے بعد مالی سال میں معیشت کو مزید منظم بنائیں گے

بقیہ 47

بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کی درخواستوں پر سماعت ہوئی، سماعت قائم مقام چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف خان نے کی۔ سماعت کے دوران بانی پی ٹی آئی کے وکیل بیرسٹر سلمان صفدر، نیب کے اسپیشل پراسیکیوٹر جاوید ارشد اور پراسیکیوٹر رافع مقصود عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ سابق وزیراعظم کی ہمشیرہ علیمہ خان، نورین خان، وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب بھی سماعت کے دوران عدالت میں موجود رہے۔ سماعت کے دوران نیب نے سماعت ملتوی کرنے کی استدعا کی، جسے عدالت نے منظور کر لیا۔ قائم مقام چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے ریمارکس دیئے کہ سماعت کی نئی تاریخ آرڈر میں درج کر دی جائے گی۔

بقیہ 48

راستوں کے انتخاب کے بعد دھرنے اور احتجاج کا بھی اعلان کیا گیا ہے۔ ناظم اسلامی جمعیت طلباء آزاد کشمیر گلگت بلتستان احتشام الحسن، ناظم اسلامی جمعیت طلباء راولاکوٹ عبدالحنان نے دیگر ذمہ داران [illegible] شارخ عبداللہ کے ہمراہ جمعرات کے روز یہاں غازی ملت پریس کلب (رجسٹرڈ) راولاکوٹ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ طلباء ہر معاشرے کا روشن مستقبل ہوتے ہیں۔ ان کی تعلیم، تربیت اور آزادی رائے کا تحفظ کسی بھی قوم کی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ طلباء نے ہمیشہ تعلیمی، سماجی اور سیاسی میدانوں میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ماضی میں طلباء یونینز نے نہ صرف طلباء کے حقوق کی جدوجہد کی بلکہ جمہوریت اور آزادی اظہار رائے کی حمایت میں بھی آواز بلند کی۔ طلباء یونین پر پابندی کے بعد طلباء کی آواز خاموش کر دی گئی اور ان کے مسائل بغیر نمائندگی کے رہ گئے۔ طلباء یونین پر پابندی کے بعد تعلیمی اداروں میں نئے ایسے مسائل پیدا ہوئے جنہیں طلباء خود منظم ہو کر حل کرنے کے قابل نہ رہے۔ فیسوں میں غیر منصفانہ اضافہ، تعلیمی اداروں میں سہولیات کی کمی، لائبریری، لیبارٹری اور کھیلوں کے مواقع کا فقدان، اور طلباء کو درپیش رہائشی مسائل جیسے مسائل سرفہرست ہیں۔ ان سب کے حل کے لیے طلباء کو ایک منظم نمائندہ ادارے کی ضرورت ہے جو ان کے مسائل کو مؤثر انداز میں متعلقہ حکام تک پہنچا سکے۔ آج آزاد کشمیر کی جامعات کے اندر اگر طلباء اپنے حقوق کیلئے آواز بلند کرتے ہیں تو انہیں کئی طرح کی مشکلات اور مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے، انہیں بلیک میل کیا جاتا ہے، ان کے گھر والوں کو کال کر کے دھمکایا جاتا ہے، پھر بھاری جرمانے عائد کیے جاتے ہیں جو انتہائی افسوس ناک عمل ہے جس سے نہ صرف وہ اپنے مسائل کے لئے آواز بلند کرنے سے قاصر ہیں بلکہ کئی طرح کی مشکلات اور مسائل میں اپنی تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے صحافیوں سے سوال کرتے ہوئے کہا کہ آزاد کشمیر میں چند ایک خاندان اور آگے ان کی تین نسلیں اسمبلی کے اندر موجود ہیں کیا یہ طرز سیاست درست ہے؟ کیا سیاست محض انہی کی میراث بن کر رہ گئی ہے؟ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر طلبہ یونین کی بحالی کیلئے ایک نوٹیفکیشن بھی جاری کیا گیا تھا لیکن تاحال اس بارے میں کوئی بھی پیش رفت نہ ہونا باعث افسوس ہے۔ میڈیکل کالج کی بلڈنگ کے مسائل، طلباء کی فیس، بورڈ میرپور کے حوالے سے مشکلات، جامعات میں پانی کی سہولیات نہ ہونے اور شدید مسائل کے باعث آج کا طالب علم جس اذیت سے دوچار ہے اس کیلئے ہم سب کو کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ ہماری آنے والی نسلوں کو ان مسائل اور مشکلات سے نہ گزرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ جامعہ کشمیر میں مسائل کے حوالہ سے ایک احتجاج کیا گیا جہاں پولیس کی بھاری نفری نے طلبہ کی نہ صرف آواز دبانے کی کوشش کی بلکہ ان پر تشدد بھی کیا گیا، اسی طرح تمام جامعات میں جب بھی طلبہ اپنے حقوق کیلئے باہر نکلتے ہیں تو ان کے ساتھ انتہائی ناروا سلوک رکھا جاتا ہے۔ تعلیمی بورڈ میرپور کا نظام بھی ایسا ہے کہ جس سے طلبہ کا شدید استحصال ہو رہا ہے انتہائی لاتعلق اور لاچار نوجوانوں کے پیپرز کی مارکنگ کے دوران ان کے ساتھ جس طرح سے سلوک کیا جاتا ہے وہ سب کے سامنے ہے، پیپر ری چیکنگ کیلئے درخواست اور پھر بعد ازاں محض جمع تفریق کے [illegible] دے کر انہیں اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوتا ہے اور ان کے ساتھ استحصالی رویے کا ازالہ ممکن ہوتا ہے جس کیلئے ضروری ہے کہ مظفرآباد اور پونچھ میں تعلیمی بورڈ کے قیام عمل میں لائے ہوئے ان مسائل کو یکسو کیا جائے تاکہ طلباء جو محض چند نمبروں کی وجہ سے مقابلے کی دوڑ میں اس نامناسب سلوک کی وجہ سے پیچھے رہ جاتے ہیں ان کا استحصال بند ہو سکے، انہوں نے کہا کہ آج طبقاتی تعلیم کی وجہ سے بھی جو سلوک روا رکھا جا رہا ہے وہ بھی سب کے سامنے ہے جس کے خلاف اسلامی جمعیت طلبہ نے فیصلہ کیا ہے کہ ان مسائل کے فوری حل کیلئے منظم تحریک شروع کی جائے اور اگر کوئی قانونی راستے اختیار کرنے کے باوجود بھی یہ مسائل حل نہ کئے گئے تو پھر کسی بھی احتجاج سے گریز نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 49

اسٹاف کو فارغ کرنے اور ہاسٹل میں مقیم ورکنگ ویمن کو ہاسٹل خالی کرنے کا نوٹس جاری کر دیا گیا۔

بقیہ 50

قرار دیتے ہوئے کہا کہ بھارت غیر قانونی طور پر کشمیر پر قابض ہے اور وہاں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری دیرینہ تنازعات خصوصاً مسئلہ کشمیر اور فلسطین کا پرامن حل یقینی بنائے کیونکہ یہ عالمی امن و سلامتی کے لیے مستقل خطرہ بنے ہوئے ہیں۔ وزیر دفاع نے بھارتی حاضر سروس نیول افسر کلبھوشن یادیو کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ وہ پاکستان کی تحویل میں ہے اور اس پر ملکی قوانین کے مطابق احتساب جاری ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی قربانیاں نمایاں ہیں اور ہم ہر قسم کی دہشت گردی کی نہ صرف مذمت کرتے ہیں بلکہ اس کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کے بھی حامی ہیں۔ انہوں نے پہلگام حملے سمیت ہر دہشت گرد کارروائی کی مذمت کی اور کہا کہ دہشت گردی کے خلاف کوششوں کو سیاست کی بھینٹ نہ چڑھایا جائے، نہ ہی کسی ملک کو اپنی اندرونی ناکامیوں سے توجہ ہٹانے کے لیے اس کو استعمال کرنے دیا جائے۔ وزیر دفاع نے مزید کہا کہ ایس سی او خطے میں امن و استحکام کا ایک اہم ستون ہے اور پاکستان اس کے اصولوں سے غیر متزلزل وابستگی رکھتا ہے۔ انہوں نے ایران کے خلاف اسرائیلی کارروائیوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے غزہ میں فوری جنگ بندی اور انسانی بحران کے خاتمے پر زور دیا۔ خواجہ آصف نے افغانستان میں پائیدار امن و استحکام کو خطے کی ترقی کے لیے ناگزیر قرار دیا اور کہا کہ دہشت گردی ایک مشترکہ خطرہ ہے۔

بقیہ 51

خصوصی سیمینار ہوا۔ سیمینار میں ڈائریکٹر لبریشن سیل راجہ محمد اسلم خان، چیئرمین پاسبان حریت عزیر احمد غزالی، حریت رہنما مشتاق الاسلام، ایڈووکیٹ راجہ رمضان، ایڈووکیٹ راجہ حسن، ایم ڈی کیپیٹل انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی چوہدری بابر رفیق، چیئرمین تحریک شباب المسلمین اسٹوڈنٹس ونگ منیر کوثر، مرکزی چیف آرگنائزر ضمیر میر، صدر ریاض اعوان و دیگر نے خطاب کیا۔ سیمینار کا مقصد مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی قابض افواج کے ہاتھوں زیر حراست کشمیریوں اور تہاڑ جیلوں میں بدترین ریاستی تشدد کا شکار بنائے جانے والے مظلوم کشمیریوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار اور ان کی عظیم قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنا تھا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فورسز کی جانب سے انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزیاں جاری ہیں۔ کشمیری نوجوانوں، خواتین، بزرگوں حتیٰ کہ بچوں تک کو اغوا، جبری گمشدگیوں اور غیر انسانی سلوک کا سامنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارتی جیلوں میں قید حریت رہنما شدید اذیت اور بنیادی انسانی حقوق کی پامالی کا شکار ہیں، جنہیں نہ صرف عدالتی انصاف سے محروم رکھا جا رہا ہے بلکہ انہیں ذہنی و جسمانی اذیت کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ مقررین نے عالمی برادری، اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی تنظیموں سے مطالبہ کیا کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں جاری ریاستی جبر کا نوٹس لیں اور بھارتی حکومت پر دباؤ ڈالیں کہ وہ انسانی حقوق کے عالمی قوانین کی پاسداری کرے۔

بقیہ 52

میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر درج نعروں کے ذریعے مقبوضہ جموں و کشمیر میں تشدد کے خاتمے کا مطالبہ کیا گیا تھا جہاں بھارت اقوام متحدہ کی طرف سے تسلیم شدہ حق خودارادیت کے مطالبے کی پاداش میں کشمیریوں کو وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنا رہا ہے۔ بھارت علاقے میں تشدد کو ریاستی ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہا ہے۔ مقررین نے اس موقع پر کہا کہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں میں بڑے پیمانے پر قتل، جبری گمشدگی، تشدد، عصمت دری اور جنسی استحصال شامل ہیں۔ بھارتی فورسز تشدد کو کشمیری عوام میں خوف و دہشت پیدا کرنے کے لیے استعمال کر رہی ہیں۔ انہوں نے جموں و کشمیر کولیشن آف سول سوسائٹی کی رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں سیاسی قیدیوں کو بدسلوکی اور تشدد کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ جیلوں میں ہونے والے تشدد کے نتیجے میں ایک سیکڑوں کشمیری معذور ہو چکے ہیں۔ خطاب کرنے والوں میں کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد جموں و کشمیر شاخ کے کنوینر غلام محمد صفی، الطاف حسین وانی، سید فیصل نقشبندی، شمیم شال، سردار امجد یوسف، ڈاکٹر سائرہ شاہ، نائلہ الطاف کیانی اور مہر النساء شامل تھے۔

بقیہ 53

چوہدری سے پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے سیاسی امور کے انچارج و سابق سینیٹر مشیر چوہدری ریاض کی ایوان صدر کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں تفصیلی اور اہم ملاقات۔ اس موقع پر صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری اور پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے سیاسی امور کے انچارج و سابق سینیٹر مشیر چوہدری ریاض نے آزاد کشمیر کی تازہ ترین سیاسی صورتحال پر تفصیلی گفتگو کی۔ اس موقع پر صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری اور پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے سیاسی امور کے انچارج و سابق سینیٹر مشیر چوہدری ریاض کے درمیان باہمی دلچسپی سمیت دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 54

صدارت سنبھالے گا۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد نے اس سلسلے میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس سے ملاقات کی۔ نیویارک میں اقوام متحدہ کے صدر دفتر میں کی گئی اس ملاقات میں سفیر عاصم افتخار احمد نے سیکرٹری جنرل کو جولائی میں سلامتی کونسل کے مجوزہ پروگرام آف ورک سے تفصیل سے آگاہ کیا۔ عاصم افتخار نے کہا کہ پاکستان سلامتی کونسل کی اپنی صدارت کو کھلے، شفاف اور مشاورتی انداز میں انجام دے گا۔ انتونیو گوتریس اور عاصم افتخار نے سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر موجود اہم اور فوری نوعیت کے عالمی امن و سلامتی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے مشرق وسطیٰ کی بگڑتی ہوئی صورتحال، افریقہ، یورپ، ایشیا اور لاطینی امریکا میں ہونے والی پیش رفت اور اقوام متحدہ کی امن مشن کے ذریعے سلامتی کونسل کے مقاصد کے فروغ پر بات چیت کی۔ عاصم افتخار احمد نے کہا کہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے مقاصد و اصولوں کی پاسداری اور تنازعات کے پرامن حل کے ذریعے عالمی امن و سلامتی کے فروغ کے لیے رکن ممالک کے درمیان مضبوط عزم موجود ہے۔ انہوں نے پیچیدہ عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے اجتماعی کوششوں کی اہمیت کو اجاگر کیا

بقیہ 55

راولاکوٹ تحصیل میں شامل حلقہ 3، حلقہ 4، حلقہ 5 کے پارٹی یوتھ پی ایس ایف کے کارکنان و عہدیداران کو شرکت کی اپیل کی گئی ہے۔ اس بات کا اعلان رابطہ کمیٹی کی جانب سے کیا گیا۔ مزید بتایا گیا کہ اس اجلاس میں 5 جولائی کے پروگرام کے حوالہ سے مشاورت کی جائے گی جس کے ایجنڈے کے مطابق پارٹی اور [illegible] میں غیر جمہوری، غیر مشاورتی طریقہ کار، پارٹی میں آمرانہ اور ضیائی سوچ کے خلاف اور ٹھگ حکومت کی کارکن کش پالیسیوں کے خلاف، انوار حکومت سے علیحدگی اختیار کرتے ہوئے عوامی تحریکوں میں پارٹی کے کردار ادا کرنے، بے روزگاری اور طلبہ یونین پر پابندی کے خلاف، جموں کشمیر کی آزادی رائے شماری کے حق خود ارادیت شامل ہے۔

بقیہ 56

[illegible] ہے۔ کامبرج ہاؤس سکول اینڈ کالج سسٹم کی ترجمان نے یہاں پریس کلب میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ پاکستان اور آزاد کشمیر میں کیمبرج سے الحاق شدہ اداروں کی ماہانہ فیس کی نسبت کامبرج ہاؤس کی فیس چوتھائی حصے سے بھی کم ہے لیکن معیار تعلیم پر کوئی سمجھوتہ نہیں۔ 7/8 والدین کا گروپ جس نے سکول کی 3 ماہ سے 6 ماہ کی فیسیں بھی ابھی تک ادا نہیں کیں، نے پریس کانفرنس میں ادارہ ہذا کے خلاف غلط بیانی کی اور منفی پراپیگنڈہ پھیلایا جس کی سخت مذمت کی جاتی ہے۔ ترجمان کے مطابق حقائق یہ ہیں کہ تمام سکول اور کالجز نئے سیشن کے آغاز میں اپنے اخراجات کے مطابق فیس میں اضافہ کرتے ہیں۔ کامبرج ہاؤس میں بھی رزلٹ لے کر لوکل بورڈ یا نئے تعلیمی سال کے حوالے سے ضروری معلومات ہر سال والدین کے لیے آویزاں کر دی جاتی ہیں یہ ایک روٹین ہے کہ ہر سال مارچ میں فیس میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس بار بھی والدین نے تعلیمی سال کے آغاز سے قبل ہی فون کر کے پرنسپل، وائس پرنسپل سے یا HeadOffice سے معلومات لے لیتے ہیں۔ تعلیمی سال 2025 کے آغاز سے قبل بھی کئی والدین نے رزلٹ لے کر لوکل بورڈ کو دیکھ کر پرنسپل سے فیس کی تفصیلات لیں اور فون کر کے بھی معلومات حاصل کیں۔ 5/7 والدین کے اس گروپ نے جان بوجھ کر ایسا کچھ نہیں کیا تاکہ یہ منصوبہ بندی کے تحت سیشن کے آغاز سے ہی ادارہ کو بدنام کر سکیں۔ تعلیمی سال 2025 کے آغاز سے ہی نرسری سے Grade 7 کلاس وائز 580 سے 810 روپے اضافہ ہوا اور بڑے بچے کے بعد سب بہن بھائیوں کے لیے یہ اضافہ 330 سے 500 روپے تک ہوا۔ ادارہ میں بڑے بچے کے بعد سب بہن بھائیوں کو کلاس وائز 5% سے 8% ڈسکاؤنٹ دیا جاتا ہے۔ سال بعد اتنا سا فیس میں اضافہ کچھ بھی نہیں ہے اس سے کئی زیادہ یہ لوگ بچوں کو مہینے میں Pocket Money دے دیتے ہوں گے، مہینے میں کئی بار اس سے زیادہ رقم کی یہ لوگ دوستوں کے ساتھ بیٹھ کے چائے پی لیتے ہوں گے لیکن سکول ان کو واضح بتا رہا ہے کہ اس اضافہ کی وجہ کیا ہے لیکن یہ لوگ مسلسل منفی پراپیگنڈہ کر رہے ہیں۔ تعلیمی سال 2025 میں تعلیمی سال 2024 کی نسبت معمولی زیادہ اضافہ دو وجوہات کی وجہ سے ہوا ایک تو سالانہ بلڈنگ Rent میں خاطر خواہ اضافہ ہوا دوسری اہم ترین وجہ سٹاف کی تنخواہوں میں 5000/- سے 35,000/- ہزار تک ماہانہ اضافہ کیا گیا۔ سٹاف کافی دور دراز علاقوں سے آتا ہے Pick and Drop Service اور مہنگائی کے باعث ٹیچرز کی ڈیمانڈ تھی کہ ان کی تنخواہوں میں ڈبل سے زیادہ Increment ادا کی جائے۔ کامبرج ہاؤس سکول اینڈ کالج سسٹم کی تنخواہیں سٹاف کے لیے پہلے بھی بہت اچھی تھی لیکن اس دفعہ Increase کے بعد ادارہ یہ سمجھتا ہے کہ سکول لیول پر ریاست بھر میں یہ بہترین Pay Package ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ ادارہ یہ سمجھتا ہے کہ جب تک سٹاف Well Paid نہیں ہوگا اور مطمئن نہیں ہوگا بچوں کی تعلیم و تربیت کا کام اچھے سے نہیں کر پائے گا۔ ادارے نے اس سال Smart Board اور پروجیکٹرز کی تعداد میں اضافہ کیا اور Robotics and Stem کی کلاسز کا بھی آغاز کیا۔ Technology کی یہ کلاسز صرف پاکستان کے چند بہترین اداروں میں Offer کی جاتی ہیں۔ نئے تعلیمی سال کے پہلے دن بچوں کو فیس چالان دیے گئے تو تین دن بعد ایک والد نے فون کر کے اس اضافے کے بارے میں استفسار کیا۔ ان کو ساری تفصیل بتائی گئی اور وہ مطمئن ہو گئے اور اپنے بچے کی فیس 10 مارچ کو جمع کروا دی لیکن اس کے دو تین دن بعد دوبارہ رابطہ کیا اور کہا کہ پرنسپل 3/4 لوگوں سے Meeting کر لیں پرنسپل نے ان کو ٹائم دے دیا اور جب Meeting کے لیے آئے 3/4 لوگوں کے بجائے Unannounced چودہ لوگ لے کر آ گئے اور پرنسپل اور وائس پرنسپل نے ان چودہ لوگوں سے Meeting کی اور ان کو ساری تفصیلات سے آگاہ کیا۔ Meeting کے بعد ان والد نے 5/6 لوگوں کو ساتھ ملا کر ایک Whatsapp گروپ بنایا۔ لوگوں کو ان سے پوچھے بغیر غلط بیانی کر کے Add کرتے رہے سکول کے خلاف منفی پراپیگنڈہ کرتے رہے۔ سوشل میڈیا پر Videos ڈالیں پھر پریس کانفرنس بھی کی۔ پرنسپل کسی بھی ادارے کی Highest Authority ہوتی ہیں، پرنسپل اور ادارہ نے بار ہا ان کے Texts کا جواب دیا، فون کالز ریسیو کی اور ان سے کئی Meeting کی لیکن یہ لوگ مطمئن نہ ہوئے۔ ہیڈ آفس سے ان کو ڈائریکٹر نے تفصیلی Email کی پھر ہیڈ آفس ٹیم نے ایک ہفتہ میں ان سے چار چار گھنٹے کی دو Meetings بھی کیں۔ اس 5/7 لوگوں کے گروپ نے ہیڈ آفس ٹیم کے ساتھ بھی بہت Misbehave کیا۔ 7/8 لوگوں کے اس گروپ نے 17 جون کو Head Office ٹیم کے ساتھ Final Meeting میں یہ کہا کہ ہمارے گروپ میں سے 10% سے بھی کم لوگوں کو Financial Challenge درپیش ہے باقی ہم سب لوگوں کی ماشاء اللہ سے بڑی Earning ہے۔ ہم سکول کو Charity/Donation بھی دے سکتے ہیں لیکن ہماری سکول کے ساتھ جنگ ہے اور جنگ میں سب جائز ہے۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ جو بھی Misbehavior سکول کے ساتھ Show کر رہے تھے اس کو یہ لوگ Justify کر رہے تھے۔ اس گروپ نے یہ بھی کہا کہ ہم نے حکومت سے بھی بجلی کے بل کم کروا لیے تھے ایک سکول کیا چیز ہے

بقیہ 57

مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر پاکستان-ایران گیس پائپ لائن پر کام کا آغاز کر کے اس منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔ بھارت نے ایران اسرائیل جنگ میں تہران کا ساتھ نہیں دیا، پاکستان کا موقف واضح تھا، وقت آ گیا ہے پاکستان، ایران، افغانستان، بنگلہ دیش اور ترکی وفاقی تعاون کا معاہدہ کریں اور یک طرفہ امریکی بالادستی کے خاتمے اور دنیا میں طاقت ور بلاک کے قیام کے لیے چین اور روس کو بھی ساتھ ملائیں۔

بقیہ 58

بلاول بھٹو زرداری نے بجٹ میں پیپلز پارٹی کی تجاویز اور سفارشات تسلیم کرنے پر وزیراعظم، وزیر خزانہ اور حکومتی ٹیم کا شکریہ ادا کیا۔ جمعرات کو قومی اسمبلی میں علی محمد خان کی طرف سے اٹھائے گئے نکات کا جواب دیتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ حکومت نے بجٹ کے حوالے سے پیپلز پارٹی کی تجاویز و سفارشات مان لی ہیں، اس لئے ہم بجٹ کی مکمل حمایت کرتے ہیں۔ موجودہ حکومت نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے بجٹ میں 20 فیصد اضافہ کر دیا ہے، اس کے برعکس پی ٹی آئی کی حکومت میں اس پروگرام کو ہمیشہ کمزور کرنے کی کوشش کی گئی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے بجٹ میں اضافے کے حوالے سے ہمیشہ مثبت طرز عمل کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے تنخواہ دار طبقے پر ٹیکسوں کے بوجھ میں کمی کے حوالے سے بھی پیپلز پارٹی کی تجاویز کو تسلیم کیا ہے اب 12 لاکھ تک تنخواہ لینے والوں پر ٹیکس کی شرح میں کافی کمی کی گئی ہے

بقیہ 59

جس سے گرمی کی شدت میں واضح کمی آئی۔ بارش کے باعث متعدد علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل ہو گئی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر واسا کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی گئی۔ خیبرپختونخوا کے علاقے مالم جبہ، کالام اور دیگر شہروں میں بارش ہوئی، ایبٹ آباد میں بارش کے باعث ندی نالوں میں طغیانی آ گئی، بالائی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ سے مرکزی شاہراہ بند ہو گئی، متعدد سیاح پھنس گئے۔ خیبرپختونخوا میں کرک شہر اور مضافات میں بھی بارش سے موسم خوشگوار ہو گیا جبکہ بلوچستان کے وسط مشرقی علاقوں میں پری مون سون سیزن کا آغاز ہو گیا، کوہ سلیمان رینج سمیت وسطی اور شمالی بلوچستان میں بھی بارش ہوئی۔ دوسری جانب موسم کی خرابی کے باعث لاہور کا فلائٹ آپریشن بھی شدید متاثر ہوا۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق استنبول سے آنے والی پرواز لاہور میں لینڈ نہ کر سکی اور طیارے کو کراچی اتارنا پڑا، جو بعد ازاں موسم بہتر ہونے پر لاہور روانہ کر دی گئی۔ شارجہ، راس الخیمہ، کولمبو، دبئی، پیرس اور دوحہ سے آنے والی پروازوں کو بھی لینڈنگ میں مشکلات کا سامنا رہا۔ لاہور سے جدہ، ریاض اور ابوظہبی جانے والی پروازیں کئی گھنٹوں تاخیر کا شکار ہوئیں، جبکہ ریاض سے اسلام آباد آنے والی پرواز کو ملتان میں اتار دیا گیا۔ سیالکوٹ، فیصل آباد، ملتان، اسلام آباد اور پشاور ایئرپورٹس پر فلائٹ آپریشن جاری ہے۔

بقیہ 60

میں گلیشیائی جھیلوں کے پھٹنے (گلوف) کے واقعات کا خدشہ ہے۔ این ڈی ایم اے کی جانب سے جاری الرٹ میں کہا گیا کہ گزشتہ کئی ہفتوں کے دوران مسلسل گرمی کی وجہ سے شمالی علاقوں میں برف اور گلیشیئر کے پگھلنے میں تیزی آئی ہے۔ الرٹ میں کہا گیا کہ حالیہ مون سون کی بارشوں کی وجہ سے برفانی جھیلوں پر پانی کے دباؤ میں نمایاں اضافہ ہوا ہے جس سے گلیشیائی جھیلوں کے پھٹنے کے واقعات کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔ این ڈی ایم اے کا کہنا ہے کہ ریشن، بریپ، بونی، سردار گول، تھلو 1، تھلو 2، بدسوات، ہنار چی، ورکوٹ، ہنڈر کے علاقوں میں گلوف واقعات کی وجہ سے گلیشیائی سیلاب اور رابطہ سڑکوں کی بندش کا خدشہ ہے۔ این ڈی ایم اے نے لوگوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ گلیشیئرز اور نالوں کے کناروں سے دور رہیں اور سیلابی ریلوں کو عبور کرنے سے گریز کریں۔

بقیہ 61

بھٹو زرداری سے خیریت دریافت کی۔ وزیراعظم سے مسلم لیگ ن کے ارکان ان کی نشست پر جا کر ملاقاتیں کرتے رہے۔ ایوان میں موجود خواتین ارکان کی اکثریت نے وزیراعظم سے ملاقات کی۔ وزیراعظم سے اویس لغاری، خالد مقبول صدیقی، ڈاکٹر طارق فضل چوہدری، اعظم نذیر تارڑ، رانا تنویر حسین، دانیال چوہدری، ایم کیو ایم کے ارکان نے بھی ملاقات کی۔ وزیراعظم سے پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کے اقلیتی اراکین، اپوزیشن رکن حمید حسین نے بھی ملاقات کی۔ پیپلز پارٹی کے اراکین شگفتہ جمانی اور شاہدہ رحمانی نے بھی ملاقات کی۔

بقیہ 62

میں متعدد سرکاری اداروں اور فیلڈ لیول اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد نہ صرف سب کے جاری پروگرام کی پیش رفت کا جائزہ لینا تھا بلکہ باہمی اشتراک سے آئندہ کے لائحہ عمل کو بھی حتمی شکل دینا تھا۔ اجلاس کی صدارت ڈائریکٹر جنرل بی آئی ایس پی آزاد کشمیر ڈاکٹر عبدالعزیز قریشی نے کی، جبکہ اجلاس میں ڈپٹی سیکرٹری ایجوکیشن (اسکولز) جاوید خان، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز (فی میل) صبا قمر، دیگر محکمہ جاتی نمائندگان، این سی ایچ ڈی، اور بی آئی ایس پی کے افسران اور محکمے نے بھرپور شرکت کی

بقیہ 63

ہوٹل لونڈار، [illegible] آپریٹر، بیکری آپریٹر اور روٹی فلز سے متعلقہ ٹریننگ کورسز میں داخلہ جات کے حوالے سے خواہشمند امیدواران باشندگان آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر و مہاجرین مقیم پاکستان 1947-1989 کے حوالہ سے انٹرویوز منعقد کیے گئے۔ یہ انٹرویوز ماتحت ذیلی ادارہ جات بشمول مرکزی دفتر TVET AJKTEVTA میں منعقد کیے گئے جس میں کثیر تعداد میں نوجوان مرد و خواتین نے شرکت کی۔ انٹرویو کے لیے مرکزی دفتر AJKTEVTA اور ماتحت ادارہ جات میں کمیٹیاں تشکیل دی گئی تھیں۔ انٹرویو کے لیے آنے والے تمام امیدواران کے لئے چیئرمین AJKTEVTA کی ہدایت کی روشنی میں بہترین انتظامات کیے گئے تھے۔ چیئرمین AJKTEVTA خواجہ محمد نعیم کل نے سلیکشن پراسیس کو خوش آئند قرار دیا اور ٹریننگ پروگرام کو اہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے فرمایا کہ نوجوانوں کے لئے ٹیکنیکل ایجوکیشن کا حصول انتہائی اہم ہے اور نوجوان اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور یہ ٹریننگ پروگرام بین الاقوامی معیار کے مطابق ہے اور دنیا کے کسی بھی ملک میں ہمارے نوجوان مرد و خواتین اپنا بہترین مستقبل بنا سکتے ہیں۔

بقیہ 64

نے پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی کے چیئرمین اور ممبران کی تقرریوں کے لیے باقاعدہ طور پر سرچ کمیٹی کی منظوری دے دی ہے۔ کمیٹی ہر عہدے کے لیے تین امیدواروں کے نام وزیراعظم کو تجویز کرے گی، جب کہ چیئرمین اور ممبران کی تنخواہوں اور مراعات کے حوالے سے بھی سفارشات مرتب کرے گی۔

بقیہ 65

ہے، موجودہ حکومت نے 6 نئے تھانے بنائے ہیں، پولیس کے راشن الاؤنس کو تین گنا تک بڑھایا گیا ہے تاہم اسکو مزید بڑھایا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے اجلاس کے دوران سابق وزیراعظم راجہ محمد فاروق حیدر خان کے توجہ دلاؤ نوٹس پر اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ قبل ازیں سابق وزیراعظم راجہ محمد فاروق حیدر خان نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے کہا کہ آزاد جموں و کشمیر پولیس کی تنخواہ اور الاؤنسز کو صوبوں کے برابر کیا جائے۔

بقیہ 66

سے خطاب کیا جس میں پاکستان پیپلز پارٹی برطانیہ کے مرکزی رہنما راجہ شبیر احمد، جنرل سیکرٹری پارٹی ناٹنگھم برانچ چوہدری صفیر کالس، اشفاق کیانی، راجہ زاہد کیانی، سابق مشیر صدر ریاست راجہ ایوب، صدر مسلم لیگ ن ناٹنگھم برانچ، راجہ گلاب اور محمد بشیر شریک تھے اس موقع گفتگو کرتے ہوئے سردار عابد حسین عابد نے کہا کہ دیار غیر میں مقیم اوورسیز کشمیری ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں جو زرمبادلہ بھیج کر ملکی معیشت کو مضبوط کرتے ہیں برطانیہ میں اپنے روزگار کے ساتھ ساتھ ممبر برطانوی پارلیمنٹ، کونسلرز، میئرز اور لارڈ منتخب ہو کر اپنی کمیونٹی کے مسائل حل کر رہے ہیں مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے میں بھی اوورسیز کشمیریوں کا اہم کردار ہے جس پر ان کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ آزاد جموں و کشمیر کی تعمیر و ترقی میں بھی تارکین وطن کشمیریوں کا مثالی کردار ہے جس کو کسی بھی صورت فراموش نہیں کیا جا سکتا۔

بقیہ 67

جائے گا لیکن آج ٹھیک 8 مہینے 14 دن گزر چکے کوئی حل نہ ہو سکا بار بار یہی کہا جا رہا ہے کہ پل کی ڈرائنگ نہیں مکمل ہوئی ابھی۔